کنزالحسین

روح عملیات کا نچوڑ

فلان بن فلان علی حب

فلان بن فلان

سید تنویر حسین شاہ

دیباچہ

ماقبل میری دو کتابیں "جادو کا توڑ" اور "400 عملیات محبت" شائع ہو چکی ہیں جنہیں ماہرین عملیات کے علاوہ عام قاری نے بھی بے حد پسند فرمایا ہے۔ جس کے لئے میں آپ سب کا ممنون ہوں۔ زیر نظر کتاب دراصل ان کتابوں کا ہی تسلسل ہے۔ جس میں میں نے کوشش کی ہے کہ جو عملیات متذکرہ دونوں کتابوں میں شامل ہونے سے رہ گئے تھے۔ اس کتاب میں بیان کردوں۔ میں نے اس کتاب میں منتر، عملیات اور طلسمات کے علاوہ ایسی ادویات کی تاثیر بھی بیان کی ہے جو انسان کی کایا پلٹ سکتی ہیں امید ہے آپ میری زندگی بھر کے تجربات سے مستفید ہوں گے۔

میرے پبلشرز (شاہد پبلی کیشنز) نے اصرار کیا ہے کہ چونکہ قارئین کرام کی اکثریت کسی بھی عمل کے آغاز سے قبل اجازت کے متمنی ہوتے ہیں لہٰذا اجازت طلب کرنے کے طریقے کی وضاحت کردی جائے۔ اُن حضرات کے لئے گذارش ہے کہ صاحب عمل کے لئے اجازت حاصل کرنا بہت ضروری ہوتا ہے جو اس طریقہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

"ایک محراب دار مصلی لیں۔ اگر دستیاب نہ ہو تو چٹائی یا سف وغیرہ لے کر ایک کاغذ پر درج ذیل نقشہ کھینچ کر اس چٹائی یا سف کے سامنے رکھ لیں۔ پھر اس مصلی پر نہائت پاکیزہ حالت میں باوضو ہوکر، مودب، تمام تر خشوع وخضوع کے ساتھ قبلہ رُخ منہ کر کے بیٹھ کر تین بار یہ کہیں "یا صاحب دعوت شیخ داؤد بن سبز پوش حسنی الامام المغرب اس وظیفہ یا تعویذ کے لئے تیری بیعت کرتا ہوں قبول فرما کر اجازت دے دیجئے۔ اجازت مل جائے گی۔

اجازت ملنے کے بعد عامل کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ عمل کرنے سے قبل وہ اپنے ارگرد حصار قائم کرے۔ تا کہ وہ کسی قسم کے نقصان یا گزند سے محفوظ رہے۔ حصار قائم کرنے کے چند مستند طریقے نقل کیے جاتے ہیں۔ صاحب عمل ان میں سے کوئی طریقہ اپنا سکتا ہے۔

درج ذیل کا حصار ہر عمل کے کام آتا ہے ایک چلہ میں چالیس ہزار مرتبہ پڑھیں اور بکری اور مچھلی کے گوشت سے پرہیز کریں۔ جس وقت کسی عمل کی زکوٰۃ کے لئے بیٹھا جائے تو پڑھ کر چاروں طرف سے حصار کریں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روز ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر صبح کی نماز کے بعد دم کرلیا کریں۔ ہر بلا سے محفوظ رہیں گے۔

(1) بسم اللہ الرحمن الرحیم O پیش محمد پس علی دست و راست امام حسن دست چپ امام حسین کلید داؤد قفل سلیمان پیغمبر نگہبان پاک ذات۔

لااله الا الله محمد رسول الله یا حافظ یا حفیظ یا ناصر
ناتصیر یا رقیب یاوکیل. یاالله یاالله یا علیقا ملیقا
خالقا مخلوقاً کافعاً شافعاً مرتضی بحق یا بدوح و تنزل
من القرآن ماهوشفاء و رحمة للمومنین مالا
لوساورضاتن درذرعوة روبلیه ورجال الغوب بحق
محمد مصطفیٰ صلی الله علیه وسلم کھلا کھلا ارحم
ارحم ترحم عندتم عقدتم کوسلیمان بن داؤد علیہم السلام بند شود
بند شود بند شود۔

(ii) درود صلوٰۃ تنجینا کا حصار ہزاروں قسم کے حصارات سے بہتر ہے۔ جب کوئی دعوت چلہ یا وظیفہ شروع کریں تو اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اردگرد دم کریں اور وظیفہ ختم کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ یہ حصار بھی ہے اور دعا بھی۔ زکوٰۃ ادا کرنے پر اس درود شریف کے موکل عامل محافظ ہونگے۔ درود شریف یہ ہے۔

اعوذ بالله من الشطین الرجیم. بسم الله الرحمن الرحیم
اللّٰهم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا
ومولانا محمد صلوٰة تنجینا بها من جمیع الاهوال
والافات وتقضی لنا بها جمیع الحاجات وتطهرنا بها من
جمیع السیئات وتبلغنابها اقصی الغایات من جمیع
الخیرات فی الحیوة وبعد الممات انك علی کل شئی
قدیر.

اس کے بعد چاروں قل پڑھیں۔ کامل طہارت کا خیال رکھیں چالیس دنوں تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے اس کی پوری زکوٰۃ ہوجائے گی۔

(iii) کوئی عمل عزیمت چلہ یا اس کی زکوٰۃ ادا کرنے اور حاضرات کرنے سے پہلے

سات یا گیارہ مرتبہ اس حصار کو پڑھ کر دم کرلیا کریں۔ محفوظ رہیں گے۔
حصار یہ ہے۔ ایوسا سیوبحرمت محمد ابن عبدالله علیم وسلم
یاالله یاالله۔

سفید دستے والی چھری لے کر عمل کرنے سے پہلے اس پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس چھری سے اپنے اردگرد لکیر کھینچ لیں۔

(iv) اکثر قدیم بزرگ اس مشہور و معروف اس حصار کو اپنے عمل میں رکھتے ہیں۔ حاضرات کے وقت اور زکوٰۃ ادا کرتے وقت اس کو پڑھتے ہیں۔ پہلے چاروں قل پڑھیں۔ اس کے بعد آیت شریف امن الرسول بما اُنزل الیه من ربه والمئومنون...... الخ پڑھیں۔ اور پھر اپنے ہر چہار طرف دم کرکے عمل کریں۔ اگر یہ سب کچھ پڑھ کر آسیب زدہ کے سر پر دم کردیا جائے تو آسیب حاضر ہوگا۔ اور بغیر عامل کی اجازت کے حصار سے باہر نہ جائے گا۔

(v) اس حصار کو جلالی عمل کرنے سے قبل پڑھ کر انگلیوں سے اپنے چاروں طرف لکیر کھینچ لیں اکسیر ہے۔

الله حصار من محمد ﷺ. من پیش محمد ﷺ. من
پشت برعلیؓ دست راست حسنؓ دست چپ حسینؓ بحق
لا اله الا الله محمد رسول الله ﷺ.

ایک اور بات جو بتانا نہایت ضروری ہے کہ ایک چلہ سے مراد کسی عمل کا متواتر چالیس روز بلاناغہ کرنا ہے۔ ہر عمل خصوصاً نوری عمل کے دوران پاکیزہ بدن، پاکیزہ لباس اور پاکیزہ خیالات کے ساتھ بغیر کسی خلل کے تنہائی میں خاموشی کے ساتھ عمل کی مناسبت سے عزیمت پڑھ کر شروع کرنا چاہیے۔ عمل کرتے وقت تمام تر توجہ اس عمل پر مرکوز رہنی چاہیے۔ اگر بُرا خیال جنم لے یا کوئی ڈر محسوس ہو تو اُسے فوری طور پر جھٹک کر عمل میں منہمک رہیں۔ عمل کو کبھی ادھورا نہ چھوڑیں ہمیشہ مقررہ مدت میں عمل کی مقررہ تعداد پوری

کریں۔ عملیات کی نوعیت اور ساعتوں کا خیال رکھنے کے علاوہ مطلوب و مقصود کا کلی تصور اپنے سامنے رکھیں۔ آپ کا عمل یقیناً سدھ ہوگا اور آپ کی جائز مراد بر آئے گی۔

یہ بات بتانا بھی ضروری ہے کہ تمام مشکلات کا واحد حل خلوص دل سے نماز ادا کرنے میں ہے۔ اگر مشکلات کا سامنا ہو تو خلوص دل سے نماز ادا کر کے دعا مانگیں مشکلات کے بادل چھٹ جائیں گے۔ اپنے ہاتھوں سے خیرات دیتے رہیں کیونکہ خیرات غیر متوقع نقصانات سے محفوظ رکھتی ہے اور رات کو سوتے وقت سورۃ فلق و سورۃ ناس تلاوت کر کے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے تمام جسم پر ضرور پھر لیں۔ آپ جادو سے ہمیشہ محفوظ رہیں گے۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ کسی غریب کی بددعا سے بچو۔ میں نصیحت کے طور پر شری رام کے پتا بادشاہ دسرتھ جو عظیم سلطنت کوشل کا عظیم فرمانروا اور اندر اور کبیر جیسی ہستیوں کا ہم پلہ سمجھا جاتا تھا کی کہانی بیان کرتا ہوں جو ہندوؤں کی معتبر کتاب رامائن میں درج ہے۔ وہ کہتا ہے "میں جوانی میں آواز سن کر تیر سے نشانہ لگانے کا بہت ماہر تھا۔ میں اپنی اس مہارت کا امتحان لینے کے لئے دریا پر کسی جنگلی جانور کے آنے کا انتظار کر رہا تھا کہ مجھے ایسی آواز سنائی دی جیسے ہاتھی پانی پی رہا ہو۔ میں نے اُسی سمت تیر چھوڑا، لیکن میں اُس وقت کانپ اٹھا جب چیخ کے ساتھ درد بھری انسانی آواز آئی "اب میرے بوڑھے اندھے ماں باپ کا کیا بنے گا جن کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہیں"۔ میں اُس زخمی شخص کے پاس پہنچا وہ ایک نوجوان سنیاسی تھا جو خون سے لت پت تھا۔ اُس نے میری طرف دیکھا اور کہا "میرے پیاسے بوڑھے والدین آشرم میں منتظر بیٹھے یہ سمجھ رہے ہیں کہ میں اپنا گھڑا بھر کر واپس آنے والا ہوں تو نے مجھے کیوں مارا؟ ہائے خدا میرے تمام تپ اور عبادت بیکار گئی"۔ میں خوف سے کانپتا ہوا اُس کے بوڑھے اندھے والدین کے پاس پہنچا بوڑھے والد نے قدموں کی چاپ سن کر کہا "میرے بیٹے اتنی دیر کیوں لگادی" میں نے کانپتے ہوئے تمام واقعہ سنا دیا اور اپنا تعارف بھی کروایا۔ بوڑھے والدین بیٹے کی موت کا خوفناک قصہ سن کر پتھرا گئے اور بے نور آنکھوں سے آنسو

بہاتے ہوئے انہوں نے مجھے بددعا دی "تم نے ہمیں جو عظیم دکھ دیا ہے وقت آنے پر خود بھی اسکا شکار ہو گے تم اپنے بیٹے کی جدائی کے دکھ سے مرو گے" اور ہندوؤں کی کتاب رامائن اس بات کی گواہ ہے کہ یہ عظیم بادشاہ اپنے بیٹے رام کی جدائی کے صدمے میں روتے روتے مر گیا۔"

میں قارئین سے درخواست کروں گا کہ وہ شیطان اور جادوگروں کے خوف سے بالکل نہ گھبرائیں بلکہ اس آیت کا مسلسل ورد کرتے رہیں۔ ہر طرح کا سحر دور ہو جائے گا۔

ان ربکم الله الذی خلق السموات والارض فی ستة ایام ثم استوی علی العرش یغشی اللیل النهار یطلبه حیثا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره الا له الخلق والامرتبارك الله رب العالمین اُدعواربکم تضرعا وخفیة انه لا یحب المعتدین ولا تغدوا فی الارض بعد اصلاحها وادعوه خوفا وطمعا ان رحمة الله قریب من المحسنین۔

آخر میں فقیر کا یہ تحفہ بھی قبول کریں۔

○ یہ عمل چاند گرہن کے وقت کیا جاتا ہے انشاءاللہ جو اصحاب کریں گے کافی نفع پائیں گے پہلے یہ سامان دن میں حاصل کریں۔ ورق طلا (سونے کے ورق) دو عدد لیں تھوڑا سا زعفران پیس کر لکھنے کے لئے روشنائی بنالیں لکڑی کا نیا قلم بنا کر رکھیں اور خوشبو کے لئے برادہ صندل، سرخ پارچہ رکھیں جس وقت تمام چاند سیاہ ہو جائے تو باوضو سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر بسم اللہ شریف پڑھ کر کاغذ کے ایک طرف یہ نقش تحریر کریں اور اس کی پشت (یعنی دوسری طرف اپنا نام معہ والد کے لکھ کر آخر میں یہ جملہ زیادہ کریں۔

یاعزیز اعززنی بعزتك یاذوالجلال والاکرام۔

پھر اس نقش کو سونے کے دونوں ورقوں کے درمیان رکھ کر تعویذ بنالیں ورقوں کی حفاظت کے لئے اور باریک کاغذ نیچے اوپر لگائیں اور سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھیں یا گلے میں پہن لیں کوئی جگہ معین نہیں آپ کے پاس رہے یہ نقش فتحنامہ ہے خدا چاہے تو تسخیر عام ہوگی ہر شخص عزت کرے گا۔ ترقی ہوگی اور بے شمار اس سے نفع پہنچے گا۔

سلام تولامن رب رحیم	سلام علے المرسلین	سلام علی الیاسین
سلام علی نوح فی العالمین	سلام علی موسیٰ ہارون	سلام علی ابراہیم
سلام حی حتیٰ مطلع الفجر	سلام علیکم فادخلوھا خالدین	مبین مبین مبین مبین مبین مبین آمین

سید تنویر حسین شاہ

جادو کی تاریخ

عہد نامہ عتیق میں پہلے ارواحیت اور پھر توہم کے باعث جادو کا اضافہ ہوا۔ ہلر کے مطابق پہلے پہل نیند، خواب، موت اور حوادث کے باعث انسانی ذہن پر روح کا تصور جاگزین ہوا جو بعد ازاں بھوت یا ہمزاد یا چلتی پھرتی لطیف کایا میں بدل گیا۔ اور اس دور میں انسانوں کے دلوں میں اپنے مرے ہوئے آباؤ اجداد، سرداروں، جادوگروں، حکیموں اور دیوی دیوتاؤں کا خوف جاگزین رہا جو اب تک قائم ہے۔

زمانہ قدیم میں علم سحر کا عام رواج تھا بلکہ کلدانیوں، سریانیوں اور قبطیوں کو نسبتاً زیادہ کمال حاصل تھا پھر یونانیوں اور پارسیوں نے ان قوموں سے یہ علم سیکھا۔ کلدانی سحر کے بڑے ماہر تھے اور نمرود کے زمانے میں بابل شہر میں انہوں نے چھ قسم کے ایسے زبردست طلسم تیار کیے جو عقل وفہم سے بالاتر تھے۔ اہل بابل ہاروت اور ماروت کی تعلیم کے مطابق تسخیر روحانیت علویہ' سفلیہ اور جسمانیہ جبکہ اہل یونان تسخیر روحانیت علویہ پر اکتفا کرتے تھے۔

مؤرخین نے اس فن کو مختلف ادوار میں تقسیم کیا ہے ان میں سے اس کے ابتدائی مراحل کا ذکر اوراق تاریخ میں نہیں ہے۔ یہ زمانہ کئی ہزار سال قبل از مسیح کا خیال کیا جاتا ہے۔ اس دور کے بارے میں اتنا پتہ ملتا ہے کہ یونانی ماہرین فن کو اس فن میں کمال حاصل تھا۔ اور وہ انسان کی جملہ ضروریات ومشکلات کا حل اسی طاقت کے ذریعے پیش کرتے تھے۔ دوسرے دور کا ذخیرہ بھی بہت کم ملتا ہے۔ تیسرے دور میں جو معلومات حاصل ہوتی ہیں ان کے مطابق اس دور میں طلسمات کا بہت زور تھا۔ اس عہد میں کالدو

سریاں اور شاہان ایران نے اس فن کی سرپرستی کی جس سے اس فن میں بہت زیادہ ترقی ہوئی۔ یہ دور تین سو سال قبل از مسیح کا تھا۔ چوتھے دور میں یونانیوں کے بعد عربوں کی کوشش سے اس فن کو نئی زندگی حاصل ہوئی۔ اس دور میں عربوں نے اس فن کی کتابیں اور کامل و ماہر ہستیاں جمع کیں اور فلکیاتی علوم وفنون کی ترقی کے لئے ذرائع اختیار کئے۔

سحر اسود (کالا جادو)

ہندو تاریخ کے اعتبار سے علم سحر کی ابتداء ایران سے ہوئی اور پھر یہ علم ایران سے ہندوستان و عرب میں پھیلا۔ ایران میں ایک قوم مگ تھی۔ یہ لوگ نسلاً برہمن مذہباً زردشت اور سحر کے بانی تھے۔ ان کے سحر کو سنسکرت میں "مائی گک" کہا گیا جس کے معنی ہیں "مگوں کا علم"۔ مشہور روائت ہے کہ سری کرشن کا بیٹا سام جب ہندوستان میں بیمار ہوا تو ایران سے مگ قوم کے چند لوگ بلائے گئے جنہوں نے سام سے سورج کی پرستش کرائی جس سے سام تندرست ہو گیا۔ اس نے اپنی صحت کی خوشی میں ملتان میں سورج کا ایک مندر بنایا اور ان لوگوں کو پجاری مقرر کیا اور مقامی باشندوں کے انکار کی بنا پر ان کے اپنے خاندان میں بیاہ کروائے اور اس طرح ان کی نسل ہندوستان کے مختلف علاقوں میں پھیل گئیں۔ اجمیر اور راجپوتانہ میں یہ قوم اب تک چلی آتی ہیں اور اس قوم کو اب سیوک اور بھوجک کے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ ہندوستان کے لوگوں نے جادو کا علم ان لوگوں سے سیکھا۔

قدیم ہندوستان میں بھی اہل بابل کی طرح تسخیر روحانیت علویہ، سفلیہ اور جسمانیہ کا رواج تھا۔ یہ تمام سحر روحانیت سے متعلقہ تھا جو یقیناً بہت مشکل ہے۔ لہٰذا اہل ہندوستان نے سحر کی سہل اور آسان قسم کو دریافت کرتے ہوئے جن و شیاطین کی تسخیر کے عملیات کو دریافت کیا جو ان کی مقدس کتابوں میں جگہ جگہ بکھرے پڑے ہیں۔ اس قسم کے سحر میں بھوانی، ہنومان، کالی، بھیروی، لوناچماری اور مختلف دیوی دیوتاؤں کی دہائیاں دے کر ان کے جائے وقوعہ پر خوشبو جلا کر دھونی دے کر بھینٹ چڑھا کر کام لیا جاتا ہے یا پھر کلام شیاطین پڑھ کر قوی الجثہ اشخاص کی روحوں کو تابع کر لیا جاتا ہے۔

ہندو مذہب تقریباً چار ہزار سال پرانا اور تاریخی طور پر قدیم ترین مذہب ہے۔
برہما شیوا اور وشنو تین خدا مانے جاتے ہیں۔ تری مورتی جس میں تین خداؤں کا تصور ہے۔ ان کا بنیادی عقیدہ ہے ان میں سے ایک کائنات کا خالق، دوسرا ابقاء، اور تیسرا تباہی و بربادی کا ذمہ دار مانا جاتا ہے۔ ان کے عقیدہ کے مطابق وشنو سے پہلو کا حامل ہے اور اسے نارائن کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ بڑے بڑے مصلحین وشنو کے اوتار ہیں رام اور کرشن بھی وشنو کے اوتاروں میں سے ہیں۔ جنہیں کسی بھی شکل میں پوجا جاتا ہے۔ رامائن کے مطابق انہیں بھی راون نے جسے برہما نے اُس کی خواہش پر زبردست طاقت عطا کر رکھی تھی جادوئی ہتھیاروں پر حملہ کر کے بے بس کر دیا تھا۔ لیکن گروڈا کے آتے ہی جسموں میں پیوست تمام جادوئی تیر فوراً غائب ہو گئے اور اُن کے زخم بھر گئے۔ جادوئی اثر ختم ہو جانے پر شری رام نے منتر پڑھ کر برہم استر پھینکا جو راون کے سینے میں پیوست ہو گیا جہاں اُس کے ناقابل شکست ہونے کا راز دفن تھا۔ راون کی حرم کی عورتوں نے کہا "دیوتاؤں کے بادشاہ اندر بھی تمہارے غصے سے ڈرتا تھا رشی اور گندھرو تمہیں دیکھتے ہی بھاگ جاتے تھے اور اب محض ایک انسان نے تمہیں مار دیا"۔

وشنو اور شیوا کی طرح دیوی ماں کی پوجا بھی ہندومت کا ایک اہم ترین قدیم تصور ہے۔ دیوی ماں بہت سی شکلیں اختیار کر سکتی ہیں۔ لکشمی دیوی کو وشنو کی بیوی مانا جاتا ہے۔ دیویوں کی تعداد بے شمار ہے بالخصوص ہندوستان کے جنوبی حصوں میں دیویوں کی پوجا کو ترجیح دی جاتی ہے۔ کئی بار دیویوں کو ایک دیوی میں مدغم کر دیا جاتا ہے جسے مہا دیوی کہا جاتا ہے۔

ہندو مذہب میں دیوتاؤں کی نامعلوم شکلوں کو مورتیوں کا روپ دیا جاتا ہے اور ان مورتیوں کو دیوتاؤں کا عکس اور اس کی طاقت کی موجودگی تصور کرتے ہوئے اس یقین کے ساتھ دیوتا کی قوت اور روح اس مورتی میں موجود ہے پوجا کرتے ہیں۔ اس لیے منتروں کے جاپ کے وقت بھی اس دیوتا کی مورتی کو سامنے رکھا جاتا ہے جس کا منتر

پڑھنا مقصود ہوتا ہے۔ مورتی کو باقاعدہ کھلے پانی میں غسل دیا جاتا ہے۔ اس کا چہرہ، دانت اور پاؤں بالخصوص دھوئے جاتے ہیں۔ چمکدار اور خوبصورت ملبوسات پہنائے جاتے ہیں۔ پھولوں کے ہار پہنائے جاتے ہیں۔ خوشبو لگائی جاتی ہے۔ پکے ہوئے چاول، پھل، گھی، چینی، پان کے پتے بطور غذا پیش کیے جاتے ہیں۔ کئی ممالک میں باقاعدہ خوان سجائے جاتے ہیں۔ دیوتا کے حضور خوشبو اور روشنی کا نذرانہ بھی پیش کیا جاتا ہے۔ خوشبو اگربتی جلا کر اور روشنی گھی کے چراغ سے کی جاتی ہے۔ اس کے ماتھے پر تلک لگایا جاتا ہے۔ دیوتا یا دیوی کے ظاہر ہونے پر اس کے سامنے سر جھکا کر پرنام کرتے ہیں۔ اس عمل کو انجلی بھی کہا جاتا ہے۔ عمل کے دوران دونوں ہتھیلیوں کو جوڑ کر پیشانی کے قریب لایا جاتا ہے۔ جسے نمستے کہتے ہیں عمل کے دوران ''میں تمہارے سامنے جھکتا ہوں'' کے الفاظ بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔

ہندو منتر کی اہمیت

ہندوستان میں منتر کو زندگی کا سب سے بڑا ذریعہ تسلیم کیا گیا ہے۔ ہندوؤں کے نزدیک منتر کی طاقت سے انسان سب کچھ حاصل کر سکتا ہے۔ عظیم روحانی اور ناقابل برداشت تکلیف اور دنیاوی تفکرات کو نیست و نابود کرنے کے لئے منتر کے مساوی کوئی دوسرا بڑا ہتھیار نہیں ہے۔ اس کے زور سے ایشور تک پہنچا جا سکتا ہے۔ ان کے خیال میں منتر کا جاپ اور منتر کی سدھی میں ایک خاص طاقت ہے جو دنیا میں موجود دوسری قوتوں سے اونچا رتبہ رکھتی ہے اور اگر شیو اور اس کے اوتاروں رام اور کرشن کے ناموں کے ساتھ درج ذیل منتروں کا جاپ کیا جائے تو یقیناً مکتی پروان چڑھتی ہے۔

ھرے رام ھرے رام، رام رام ھرے ھرے۔

ھرے کرشن ھرے کرشن شری کرشن کرشن ھرے ھرے۔

رگھوپتی رگھو راجا رام پتت پاون سیتا رام۔

جے رام ھرے مکھ دھام ھرے جے جے رگھونا یک شیام ھرے۔

جے شمبھو جے شمبھو شیو گوری شنکر جے شمبھو شنکر گوری شنکر جے شمبھو۔

شری کرشن چیتیہ پربھو نیتا نند ھرے کرشن ھرے رام رادھے گوبند۔

شری کرشن گوبند ھرے مردے ھے ناتھ نارائن واسدیو۔

شری من نارائن نارائن، لکشمی نارائن نارائن نارائن۔

جے سیتا رام سیتا رام جے سیتا رام جے رادھے شیام رادھے شیام رادھے شیام رادھے شیام جے رادھے شیام۔

ھری ھرئے نمو کرشن یادوائے نمو۔ گوپال گوبند رام۔ شری مدھوسودن۔

جے سیتا رام جے جے سیتا رام جے سیتا رام جے جے سیتا رام۔

جے رادھے جے رادھے رادھے جے رادھے جے شری رادھے جے کرشن جے کرشن جے کرشن جے شری کرشن۔

اوم منتر

برہما تخلیق کنندہ کے بارے میں ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس نے اپنے آخری دور کے اختتام پر مراقبہ سرانجام دیا جو ''سوبنا وراہا کلپا'' کہلایا جب عظیم خدا ''اوم'' کی آواز میں جلوہ گر ہوا جو پاناوا بھی کہلاتا ہے تب برہما نے اس سے درخواست کی کہ اسے علم سکھایا جائے چنانچہ اوم کی آواز کے ارتعاش سے خدا نے برہما کو ویدوں کا علم سکھایا۔

اوم برہما شبد کا وہ اسم اعظم ہے جو خود مختاری اور مطلق العنانی کے علاوہ ہندو مت کی مقدس ترین علامت ہے۔ جس کے جاپ سے لافانی طاقت حاصل کی جا سکتی ہے۔ اوم برہما کی ہو بہو شکل ہے جس کی پوجا ویدوں اور پرانوں میں تسلیم کی گئی ہے۔ دنیا بھر کے مذاہب اسی لفظ اوم کا کسی نہ کسی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔ ہندوؤں میں یگیہ دان، تپیا اور ہر کام کا آغاز اسی لفظ اوم سے کی جاتی ہے۔ اور ان کے عقیدہ کے مطابق

تمام زمانوں میں جو کچھ ہے۔ اوم کا پرکاش ہے۔ جو لوگ اوم کا جپ کرتے ہیں ان کے دل بے خوف' قدرت کے رازوں کے ہم راز ہو جاتے ہیں انہیں ایشور کا درشن ملتا ہے اور ہمیشہ کے لیے مکتی کے پد کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ جو لوگ باقاعدگی سے آدھ گھنٹہ صبح اور آدھ گھنٹہ شام کو سوتے وقت اوم کا جاپ کرتے ہیں وہ تکلیفوں اور غموں سے نجات پاتے ہیں۔ دنیا میں عزت و وقار حاصل کرتے ہیں۔ ان کے دل میں دنیاوی کشمکش ختم ہو جاتی ہے اور جو کوئی محض ایشور کی محبت کے لیے اوم کا جاپ کرتے ہیں وہ ایک دن ایشور کے قدموں میں ہوتے ہیں۔

ہندو دھرم میں بے شمار شکتی دیویاں ہیں ان کو سدھ کرنے کے لئے اوم کا لفظ بڑا موثر مانا جاتا ہے اور یہ منتر انتہائی کارگر ہیں۔

۱۔ اوم ھرینگ وید ماتری بھید اوم سواھا کرشنا

۲۔ اوم کلینگ وتی اوم سواھا کرشنا

۳۔ اوم وماردیوتا ییئی ھرینگ سواھا

گائیتری منتر:

یہ وید منتر ہے۔ ہندوستان میں منتر کو زندگی کا سب سے بڑا ذریعہ تسلیم کیا گیا ہے چونکہ اس منتر کے ذریعے ہر قسم کی سدھی حاصل کی جا سکتی ہے لہٰذا اس منتر کا روزانہ جاپ کرنا نہایت مستحسن قرار دیا گیا ہے۔

ویدوں میں مذکور ہے کہ اس منتر کو سدھ کرنے سے عامل میں اس قدر قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ اس کا کہا ہوا ہر لفظ پتھر پر لکیر ہوتا ہے۔ اس کے مسلسل جاپ سے وشنو بھگوان کا درشن کیا جا سکتا ہے۔ کسی بھی دیوتا کی پوجا سے قبل اس کا جاپ ضروری ہے۔

ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق گائیتری منتر سب منتروں سے پراچین ہے۔ برہما جی کو آکاش بانی سے یہ منتر پراپت ہوا تھا۔ اس کا جاپ کر کے ان کو سرشٹی رچنا

کرنے کی شکتی پراپت ہوتی ہے۔ گائیتری کے چار چرنوں کے ویاکھیا سروپ برہما جی نے چاروں مکھوں سے چار ویدوں کی رچنا کی تھی۔ اسی لیے گائیتری کو وید ماتا کہتے ہیں۔

گائیتری سب سے سریشٹھ اور اوتم منتر ہے جو کام دنیا میں کسی منتر سے نہیں ہو سکتا وہ گائیتری سے ضرور ہو سکتا ہے۔ اس کے کرنے میں کوئی تروٹی رہ جائے تو کسی طرح کا نقصان نہیں ہوتا ہے۔ سب دھرم گرنتھوں میں گائیتری کا ذکر ہے۔

اس منتر کے پڑھنے سے نہ صرف ہر قسم کے بھوت پریت' پشاچ راکھشس بھاگ جاتے ہیں بلکہ حادثاتی طور پر مرنے والوں کو مکتی بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ گائیتری منتر کا جاپ کرنے والے پر کسی قسم کے جادو یا جنتر' منتر کا اثر نہیں ہوتا بلکہ اس منتر کا عامل آسیب زدہ لوگوں کو شفایاب بھی کر سکتا ہے۔

عامل گائیتری منتر کے ذریعہ پراناyam بھی کرتے ہیں جس سے وہ زندگی بھر نہایت طاقتور رہتا ہے۔ باریک سے باریک مسائل کو بھی بخوبی حاصل کر سکتا ہے اور مشکل سے مشکل الفاظ کا مطلب بھی فوراً بتا دیتا ہے۔

دکھ کی نوروتی روپ موکش کا کارن گائیتری منتر مانا گیا ہے۔ منتر گائیتری سب ویدوں کا سار ہے۔ سب گائیتری منتر کا اومکار بہت سپت اکشروں کا اچارن کرتے ہیں کلجگ میں اوم کار اور گائیتری ہی مکتی دینے والے ہیں۔

گائیتری ویدوں کی ماتا ہے اور گناہوں اور پاپوں کی ناش کرنے والی ہے۔ اس منتر کو روزانہ صرف تین بار پڑھنے سے ہی کلیان اور مکتی حاصل ہوتی ہے۔ اس کے جپ سے تندرستی' خوبصورتی' مضبوطی' جیون شکتی اور چہرہ پر جاہ و جلال (برہم تیج) پیدا ہو جاتا ہے۔

گائیتری جاپ سے آٹھوں طرح کی سدھیاں پراپت ہوتی ہیں۔ باقاعدہ جاپ کرتے رہنے سے آدمی جنم مرن کے بندھن سے بھی چھوٹ جاتا ہے اور من نیک کاموں کی طرف راغب ہوتا ہے۔ جب من کا دھیان جپ کرتے کرتے گائیتری کی

شکل وصورت کی طرف لگ جائے تو اس کو سنسکار کہتے ہیں۔ جپ کرتے کرتے وہ سنسکار آہستہ آہستہ طاقت کو حاصل کرتے جاتے ہیں جس دیوتا کی پراتھنا یعنی جپ کیا جاتا ہے۔ جپ کرنے والے اور خواہش رکھنے والا گائیتری دیوی سے یہ پراتھنا کرتا ہے "اے ماتا اگیان وشٹ بدھی اور پاپوں کے کارن میں نے جو شریر دھارن کیا ہے۔ آپ مجھے اس کا سدھار کرنے کے لئے پوتر بدھی دیجئے اور مجھے روشنی دیجئے جس کے کارن میں اپنے آپ کو اپنی خاصیت کو پہچان سکوں اور اپنے جیون کو سپھل بناؤں۔" اس کو برہم گائیتری منتر بھی کہتے ہیں۔

سابر منتر

سرزمین ہند میں غیر مہذب قوموں میں پیدا ہونے والے عامل بزرگوں نے جو منتر اپنی ضرورتوں کے لئے بنائے ان کو سابر منتروں کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ منتر بہت ہی آسان زبان میں ہوتے ہیں۔ ان کا کوئی مطلب نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی یہ علمی طریقہ سے بنے ہیں۔ ہندوؤں کے نزدیک ان منتروں کے خالق بھگوان شیو شنکر ہیں لیکن سابر منتر کی بنیاد مچھندر ناتھ اور گورکھ ناتھ جیسے عامل کامل بزرگوں نے گجرات میں بہنے والی سابرمتی نامی ندی کے آس پاس ڈالی جہاں پر ببر کول اور کرات نام کی قبائلی قومیں آباد تھیں۔

ان منتروں کے پیچھے کسی نہ کسی دیوی دیوتا کی غیبی طاقت ہوتی ہے جو ان عملوں کو عمل میں لاتے ہیں۔ ان گڑھ منتروں کے دیوتا ہنومان، بھیروں، کالی اور کامل بزرگوں کی شکل میں گورکھ ناتھ، سلیمان جیسے بزرگ ہیں۔ کئی منتروں میں ان کا نام بولا جاتا ہے اور کئی منتروں میں گرو کے نام سے کام چل رہا ہے۔ ان منتروں کے آخر میں لگائے جانے والے لفظ شبد، سانچا، پنڈ، کانچا پھرو منترا شیو رو واچہ بہت ہی معمولی ہیں جن کا مطلب ہوتا ہے کہ یہ لفظ سچا ہے ختم نہیں ہوتا اور یہ جسم ختم ہونے والی ہے

ہے۔ منتر تم بھگوان کے لفظ ہو اور بھگوان کے حکم سے ظاہر ہو جاؤ۔

ان منتروں میں اس کام سے متعلق دیوی دیوتا کو سخت قسم دی جاتی ہے جس کو آن بھی کہتے ہیں۔

سابر منتروں میں سنسکرت، ہندی، پنجابی، اردو، لیام، کنڑ، گجراتی، تامل اور بنگالی وغیرہ زبانوں کے لفظ ملتے ہیں۔ لیکن ہندی بھارت کی عام زبان ہے اس لیے زیادہ تر سابر منتر ہندی یا مارواڑی زبان میں بنے ہوئے ہیں۔ اور عام استعمال میں آتے ہیں۔ ان سابر منتروں میں عقیدت کے طور پر قسم کا اثر ہوتا ہے۔ منتروں میں جن، دیوی، دیوتاؤں و کامل بزرگوں کی قسم دلائی جاتی ہے۔

اودھڑ (مجذوب) یا اگھوری کے نام کے سنت سابر منتروں سے متعلق نہیں ہوتے۔ وہ آنند یوگی سادھنا کرتے ہیں۔ وہ کالی، بھیروں، بیتال وغیرہ کے پجاری ہوتے ہیں اس لیے وہ اکثر جنگل یا شمشان گھاٹ میں رہتے ہیں اور لاتعداد بھوت پریت ان کے غلام بن کر رہتے ہیں۔ وہ جنگلوں اور شمشان گھاٹوں میں رہ کر اپنے تابع بھوت پریتوں کے ذریعہ اپنی ضروریات کی ہر قسم کی چیز حاصل کر لیتے ہیں۔ اس علم میں پاک وناپاک چیز کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔

منتر جاپ

ہندو دھرم میں علم سحر کے آٹھ مقامات ہیں۔ پہلا مقام یم ہے جس کے معنی یکسوئی کے ہیں کیونکہ خیالات کی تشویش پراگندگی خاطر کا باعث ہے۔ دوسرا مقام نیم یعنی ضبط اوقات کے ساتھ ہر کام کیا جاتا ہے۔ یہ روح کی قوتوں کو حاصل کرنے والے شخص کے لئے لازم ہے کہ وہ منضبط کرے اور کھانا، پینا، اٹھنا، بیٹھنا، چلنا، پھرنا اور ہر ایک کی مقدار متعین ہو۔ پیشاب، پاخانہ اپنے اپنے وقت پر ہونا چاہیے تاکہ صحت میں خرابی نہ آئے۔ غذا قلیل اور سریع الہضم ہو اور بتدریج غذا کو کم کرتے ہوئے بالکل ترک

کر دیا جائے۔ پیشاب اول ہونا چاہیے اور پاخانہ اس کے کچھ دیر بعد تاکہ روح ناپاکی اور عدم نجات سے بچ جائے۔ تیسرا مقام آسن یعنی اصول نشست و برخاست ہے۔ یوگا علم میں چوراسی آسن بتلائے گئے ہیں۔ جن کے موافق نشست و برخاست ہونی چاہیے۔ انسان کے اندر ریڑھ کی ہڈی چونکہ دماغ سے نکلتی ہے اس لیے نشست و برخاست میں اسے سیدھا رکھنا چاہیے تاکہ اس سے عقل و شعور میں اضافہ اور دل میں خوشی برابر قائم رہے۔ اسی لیے چوکڑا مار کر بیٹھنا ان کا پہلا آسن ہے۔ چوتھا مقام پرانا یام ہے جسے حبس دم بھی کہا جاتا ہے۔ آسن کی صحت پر موقوف ہے کہ اگر آسن درست ہوگا تو حبس دم میں بھی دشواری نہ ہوگی۔ یہ مشق اس قدر بڑھائی جانی چاہیے کہ غذا سے یہ سانس کی محبوس قوت مستغنی کر دے۔ جوگی لوگ محض سانس کی قوت پر سالہا سال تک اس لیے جیتے ہیں کہ وہ پیٹ کی دونوں جانبوں سے سانس کو اس طرح نکالتے اور داخل کرتے ہیں جیسے لوہار اپنی دھوکنی سے ہوا کو داخل و خارج کرتا ہے۔ پانچواں مرتبہ پرتیاہار ہے یعنی دم محبوس کو دماغ کی طرف پہنچاتے ہوئے دم محبوس کی قوت کو من میں جمع کر دے اور آنکھوں کی پتلیوں کو اوپر کی طرف چڑھا کر من کو دیکھنے کی سعی کرے اور اس درجہ مشق بڑھائے کہ یہ آنکھیں نیچے کی طرف دیکھنے لگیں۔ من کی طاقت پر قابو پانے سے انسان کو سحر کی آٹھ قوتیں (۱) انزی ما، (۲) مہی ما، (۳) لگی ما، (۴) گری ما، (۵) پراپتی، (۶) پراکامی، (۷) ایشت، (۸) ترشیو حاصل ہو جاتی ہیں۔ چھٹا مقام دھیان ہے۔ یعنی من کا ایک طرف لگ جانا اور حواس خمسہ کا اس میں گم ہو جانا ہے حواس خمسہ اس مقام پر پہنچ کر سب دنیا سے بے خبر ہو جاتے ہیں اور انسان اپنے کانوں کے دونوں راستوں کو بند کر کے اندر کی آواز سن سکتا ہے۔ ساتواں مقام دھارنا ہے یعنی حواس خمسہ کا تعقل اور من کی لو اپنے مالک سے لگانا ہے۔ اس مقام پر حواس خمسہ کو جو دنیا سے معطل کر دیا گیا تھا ان کو بحال کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ حواس خمسہ دنیا کا کام کریں اور من اپنا کام کرے۔ اور آٹھواں مقام سمادھی ہے یہ مقام دراصل مقامات سبعہ کی تکمیل ہے جس

کے بعد انسان کی قدرت کامل و اکمل ہو جاتی ہے۔

منتروں کے جاپ کے لئے ایک خاص ماحول بنایا جاتا ہے۔ اس کے لئے پرسکون جگہ کا ہونا ضروری ہے۔ اور یہ جگہ مندر' شوالہ' شمشان' دریا' ندی تالاب یا نہر کے کنارے جنگل یا ویرانہ ہو سکتا ہے۔ اس جگہ پر پہلے اپنے آسن کے سامنے سفید کپڑا بچھا کر دیوتا کا سنگھاسن بنائیں اور اسے پھولوں سے سجائیں پھر اس دیوتا کو اشنان کروا کر کپڑے پہنائیں۔ مشک کا تلک لگائیں۔ چاول لگائیں اور مولی گلے میں ڈال کر پھول چڑھائیں۔ وہی بخور سلگائیں جو منتر کے ساتھ لکھے گئے ہوں۔ دیوتا کو بلانے کے لئے اپنے آسن پر بیٹھ کر پورب کی جانب منہ کر کے ایک سو آٹھ دانوں کی چندن یا رودراکھش تلسی کی مالا استعمال کریں۔ اسے آواہن یعنی دیوتا کو بلانا کہا جاتا ہے۔ پھر اپنے ہاتھ میں جل کا پانی لے کر دیوتا سے وعدہ کریں کہ "میں فلاں کام کے لئے اتنی تعداد میں جپ کروں گا" اسے سنکلپ کہا جاتا ہے۔

پوجا کے لئے ایک صاف تھالی میں سفید چندن' خوشبودار لکڑی' کیسر' نال' چاول' رولی' کستوری' مشک کافور اور پھولوں کے علاوہ منتر کی ڈیمانڈ کے مطابق پان' سپاری' لونگ' چھوٹی الائچی' ناریل' سفید و سرخ رنگ کا کپڑا' بھوگ یعنی دیوتا کے کھانے کے لئے پھل' قند سیاہ' کیلا' میوہ' مٹھائی رکھیں۔ پاکیزہ پانی یا ہر دوار کے جل کا لوٹا بھر کر اپنے ساتھ رکھیں جلانے کے لئے اگربتیاں بھی موجود ہونی چاہئیں۔

ہون کے لئے پورب کی طرف منہ کر کے ایک ایسے آسن پر بیٹھ جائیں جس کے آگے ریت کا ایک فٹ مربع چورس چبوترہ ہونا چاہیے۔ چبوترا کے دونوں طرف پانی کے برتن رکھیں اور چبوترہ کو اوپر سے سرخ' سبز' سیاہ' زرد و سندور کے رنگوں سے سجا کر اردگرد نوگرہ کی آکار بنا کر اس آکار کی چاول رولا' مولی' پھول' دھوپ و چراغ سے پوجا کریں۔ پھر چبوترے کے درمیان والی ترکون میں لکڑی رکھ کر کافور سے آگ جلائیں اور اپنے پاس ایک کانسی کا کٹورا جس میں گھی ہو رکھ کر منتر پڑھیں۔ جب منتر ختم ہو جائے تو

اس کے آخر میں "سواہا" کا لفظ کہیں اور ایک تولہ سامگری ہون میں ڈالیں۔ گھی سے
ہون کرنا ہو تو گھی گرم کر کے "سرووا" سے جلتی ہوئی آگ میں ڈال کر آہوتی دیں۔
ہون کے سمپورن ہونے پر سورج کو جل دیں اور ٹھنڈا ہونے پر جو سامگری کی بھبھوت ہو
اس کو دریا میں بہا آئیں۔ جپ مکمل ہونے پر براہمن یا کنواری لڑکی کو بھوجن کروائیں۔
جاپ کا یہ طریقہ متذکرہ تمام منتروں کے جاپ کے لئے ضروری ہوگا۔ اس طریقہ کو مدنظر
رکھتے ہوئے آپ منتروں کے ذریعے دیوتاؤں اور دیویوں کے نہ صرف درشن کر سکتے
ہیں بلکہ یکھنی اور بھوت پریت کو بس میں کر کے اپنی خواہشات کی تکمیل بھی کر سکتے ہیں۔
منتر جاپ کرنے سے قبل آپ کو اپنی خواہشات کا علم ہونا ضروری ہے۔

نوری علم

جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے۔ چوتھے دور میں عربوں نے اس فن کی نئی زندگی
دی۔ بطلیوس (285 قبل مسیح) کے زمانہ میں یوحنا مرطاس نے اپنے تجربات سے ثابت
کیا کہ طلسم اجرائے ارضی کی مخفی قوتوں کی تراکیب، روحانی اعمال اور الہامات زبانیہ کے
حقائق پر مبنی ہے۔ اور مادی اور روحانی عملیات کی باہمی تحریک سے یہ فعل عمل میں آتا
ہے۔

مرطاس نے بہت سے طلسماتی اسرار و رموز اور فنی حقائق کو بیان کرتے ہوئے
اس فن کے بہت سے ابتدائی اصول بھی وضع کئے۔ اس نے بہت سی کتابیں بھی لکھیں۔
جن کا ذکر نوامیس رمانی (المتوفی 37ء) کی تصنیفات میں موجود ہے۔

دوسری صدی عیسوی کے آخر میں مشہور طبیب جالینوس نے اسی فن سے انسانی
امراض کی تشخیص کا طریقہ ایجاد کرتے ہوئے بڑے سادہ انداز میں کتابیں لکھیں۔ لیکن یہ
فن آہستہ آہستہ روبہ زوال ہوتا چلا گیا۔ البتہ چوتھی صدی عیسوی نے اس فن کو دوبارہ
زندہ کیا گیا۔ ہمدان کے حکیم طاؤس نے نوامیس منصور بغدادی نے سماوی وصیل، علامہ
ابوالحسن انمالی نے عوارف الحروف، جلال ابن المنمیر کشفی نے ہرامس جلالی عالم ابوالفرج
علی ابن حسین اصبہانی نے معانی الاعداد امام نورالدین بصری نے بہجۃ الاسرار جمال
الدین محمد ابن یزدان کوفی نے لطائف النجوم، امام ابوالحسن نوالدین علی ابن جریر لخمی شطنوفی
نے نقط المحیط فی حل دائرۃ الوسیط، عمرو ابن ہمدانی نے کشف الابدال فی علم الاحوال،
خادم الاصفیا، علامہ جمشید بصری نے کلیاب سیمیا جیسی معروف شہرہ آفاق کتابیں لکھیں۔
اور حاضرات و روحانیت پر بڑی مدلل بحث کرتے ہوئے محبوب عملیات بیان کیے۔

مطالب العیون کے مطابق طلسمات کا لفظ ارباب لغت کے نزدیک فہم و ادراک سے بعید اور سربستہ راز کے معانی کا حامل ہے۔ اصطلاح میں بھی طلسم کو غیر مانوس حقیقت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ علمائے علوم فلکیات کے نزدیک طلسم قوائے ارضیہ اور حقائق ربانیہ کا علم ہے جس کا موضوع خیالات میں تصرف کر کے ظاہر میں باطنی مشاہدات کا وجود یا خلاف معمول واقعات کے خیالی اجسام کا پیدا کرنا ہے۔ اُن کے نزدیک درج ذیل چھ قسم کے حروف طلسم کا جاننا از حد ضروری ہے۔

طلسم اول حروف تہجی

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰

ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

طلسم دوم

آتشی حروف ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ۔ جمع بادی حروف۔ ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض جمع آبی حروف۔ ج۔ ز۔ ک س۔ ق۔ ث۔ ظ جمع حروف خاکی۔ د۔ ح۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ۔

طلسم سوم

طلسم چہارم

طلسم پنجم

طلسم ششم (حروف تہجی کے موکل)

الف۔ اسرافیل ۔ ب۔ جبرائیل ۔ ت۔ عزرائیل۔ ث۔ میکائیل۔ ج۔ کلکائیل۔ ح۔ تنکفیل۔ خ۔ مہکائیل۔ د۔ دردائیل۔ ذ۔ اہرائیل۔ ر۔ امواکیل۔ ز۔ شرفائیل۔ س۔ ہمواکیل۔ ش۔ ہمراکیل۔ ص۔ اہجمائیل۔ ض۔ عطائیل۔ ط۔ اسمائیل۔ ظ۔ لوزائیل۔ ع۔ لومائیل۔ غ۔ لوخائیل۔ ف۔ سرحمائیل۔ ق۔ عطرائیل۔ ک۔ حروزائیل۔ ل۔ طاطائیل۔ م۔ رومائیل۔ ن۔ حولائیل و۔ اتمائیل۔ دورائیل۔ ی۔ سرکیطائیل۔

مسخرات و حاضرات سے مراد ایسی پوشیدہ مخلوق کا وجود ہے جو ہر قسم کی پابندیوں سے آزاد اور زبردست قوتوں کی مالک ہے۔ انسان عملیات و ریاضت کے ذریعے اس مخلوق کو اپنا تابع فرمان بنا سکتا ہے جس کی امداد سے ہر قسم کے کام لئے جا سکتے ہیں۔ بلکہ خفیہ باتوں اور پوشیدہ رازوں کا انکشاف بھی کیا جا سکتا ہے۔ حاضراتی عملیات بنیادی طور پر دو قسم کے ہیں ایک قسم ایسی ہیں کہ کوئی بھی معمولی پڑھا لکھا احکامات شرعیہ کا پابند شخص معمول کے ذریعے حاضرات کی حاضری طلب کر سکتا ہے۔ جبکہ دوسری قسم کے

اعمال وہ ہیں جن کا عامل معمول کے بغیر خود اپنے طور پر حاضرات کا مشاہدہ کرسکتا ہے۔
اس قسم کے اعمال کی بجا آوری کے لئے جلالی و جمالی شرائط کی پابندیاں اور چلہ کشی کی
صعوبتیں برداشت کرنا پڑتی ہیں۔ اس کے لیے عامل طلسمات ان عملیات سے کام لیتا
ہے جن میں حاضرات و روحانیات کو قابو میں لا کر ان سے کام لیا جاسکے۔ تسخیر ہمزاد کا
شہرہ آفاق عمل کے طلسمات روحانی بھی صدیوں سے سربستہ راز ہے اُن کے نزدیک ہر
انسان کے ساتھ اس کا ایک ہمزاد بھی پیدا ہوتا ہے جس کا تعلق کائنات کی ظاہر و باطن
دونوں حالتوں سے ہے۔ اس اعتبار سے ہمزاد ایک زبردست قوت کا مالک ہوتا ہے۔ جو
عامل کا ہر قسم کا حکم بجالانے کی طاقت رکھتا ہے۔ اور اُسے عملیات و ریاضت کے ذریعہ
قابو میں لایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے کئی طلسمی سرموں انکشاف بھی کیا۔ جس
کا ذکر آگے چل کر آئے گا۔

قدیم علمائے روحانیات وفلکیات نے مختلف امراض جسمانی و روحانی کے علاج
معالجہ کے اجتماعی طریقہ پر قوت برقی سے جو انسان میں پائی جاتی ہے، علاج کا ایک معجز
نما طریقہ بھی ایجاد کیا۔ جس میں عامل عمل روحانی کی برکت سے اپنی تمام تر جسمانی
قوتوں کے تصوراتی ارادہ سے ایک قوت برقیہ کو پیدا کر کے محض مریض کے مرض کے تصور
اور مقام مرض پر نظر ڈالنے سے ہی مرض کو دور کرسکتا ہے۔ اس طریقہ میں عامل کی قوت
بصارت میں ایک لاکھ مقناطیسی قوت کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ جس سے پل بھر میں سلب مرض
سے مریض کو سکون و آرام ہوجاتا ہے۔ اس عمل برقی و روحانی سے امراض دماغی، مالی
خولیا، مراق، تشنج، دماغی، صرع، پاگل پن اور ضعف دماغ کے علاوہ اختلاج قلب،
ہسٹیریا، جوڑوں کے درد، فالج واسترخا، مستورات کی پوشیدہ پیچیدہ بیماریاں، بچوں کے
لاعلاج امراض اور آسیبی وسحری اثرات سے دماغی طور پر پریشان لوگوں کا کامیاب علاج
کیا جاسکتا ہے۔

سلب امراض کے لئے پہلے اس عمل کی زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے عمل زک

حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ سوا مہینے تک روزے رکھے اور سحری کے بعد کسی دریا یا
چلتے پانی کے کنارے نماز فجر ادا کر کے اول و آخر درود شریف کے ساتھ سورج طلوع
ہونے تک درج ذیل عبارت کا ورد کرے۔ اور پھر عمل ترک کر کے سورج کے بالمقابل
نظر جما کر کھڑا ہوجائے۔ جب نظر تھک جائے تو فوراً سورج کی طرف سے نظریں ہٹا کر
پانی میں دیکھنا شروع کردیں اور جب نظر میں ٹھنڈک پیدا ہونے لگے تو دوبارہ سورج کی
طرف نظر جمادیں اس عمل کو روزانہ مسلسل چالیس روز تک ایک گھنٹہ تک کرتے رہیں۔
جس سے آنکھوں میں ایک زبردست قسم کی مقناطیسی قوت اور جسم میں ایک برقی طاقت کا
اضافہ اور ہر مرض کو محض ایک ہی نظر سے دور کردینے کی لازوال طاقت پیدا ہوسکتی ہے۔

**الم ترا الی ربک کیف مداظل ولوشاء لجعله سلکنا ثم
جعلنا الشمس علیه دلیلاً O ثُمّ قبضنه الینا قبضًا
یسیراًO**

یہاں تک اسلام میں جادو کے تصور کا تعلق ہے تو کچھ حد بندیوں کے ساتھ اس
کی تعلیم زمانہ قدیم کے مسلمانوں نے بھی حاصل کی ہے۔ قرآن حکیم میں سورۃ بقرہ آیت
نمبر 102، سورۃ اعراف آیت نمبر 109 تا 120، سورۃ یونس آیت 76 تا 81 سورۃ طٰہٰ
آیت نمبر 59 تا 72 اور سورۃ فلق آیت نمبر 4 میں سحر اور اسکی تاثیر کا بیان موجود ہے۔
بحار الانوار، نہج البلاغہ مستدرک الاوسائل اور المیزان میں جادو اور جادوگروں کے بارے
میں رسول اللہ ﷺ کے فرامین گرامی موجود ہیں اور حضرت جعفر صادق کا یہ فرمان بھی
موجود ہے کہ جادو کی کئی قسمیں ہیں ان میں ایک قسم طب کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہی وجہ
ہے کہ انبیاء اور ملائکہ کا علم خیر وسعادت کے راستے کھول دیتا ہے اور اس علم کے الفاظ و
معانی اور ان کی ترکیبیں نورانی ہوتی ہیں جبکہ علم مضر کا مخزن و مرکز شیطان ہے۔ نورانی علم
کے حوالہ سے اگر کوئی شخص صرف اسماء جلالیہ یا پھر بعض سورتوں کی تاثیرات لطیفہ کا عامل
بن جائے تو اُسے یقیناً نورانی قوت حاصل ہوگی جو ظلماتی قوت سے کہیں بڑھ کر ہوگی۔

احادیث و روایات سے منقول ہے کہ جبرائیل آمین جناب رسول خدا ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ فلاں شخص نے آپ پر جادو کیا اور وہ جادو کی چیز فلاں قبیلے کے کنویں میں ڈال دی گئی ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے اپنے بھائی جناب علی مرتضیٰ کو یہ چیزیں لانے کے لئے بھیجا۔

جناب علیؑ فرماتے ہیں کہ تلاش بسیار کے بعد میں نے ایک ڈبہ نکالا جسے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پہنچایا آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ اسے کھولو جب کھولا تو اس میں کھجور کی کھال کا ایک ٹکڑا تھا اس کے اندر ایک لمبا ریشہ تھا جس میں گیارہ گرہیں دی ہوئی تھیں اور جبرئیل آمین یہ دونوں سورتیں (معوذتین) لا چکے تھے پس آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ یا علی تم ان سورتوں کو اس ریشہ پر پڑھو پس جناب علیؑ نے جیسے ہی ایک آیت پڑھتے تھے ویسے ہی ایک گرہ کھل جاتی تھی جب ان دونوں سورتوں کے پڑھنے سے فارغ ہوئے اللہ تعالیٰ نے سحر کے اثر کو دفع فرما دیا۔

اسلامی نقطہ نظر سے جو شخص تھوڑا یا بہت جادو سیکھے وہ کافر ہو جاتا ہے اور اس کا اپنے رب کے ساتھ آخری عہد ہوتا ہے اس کی حد سزا یہ ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے البتہ اگر توبہ کر لے تو سزا معاف ہو جائے گی اور کفر سے باہر آ جائے گا۔ نجومی کاہن کی مانند ہے کاہن جادوگر کی طرح ہے جادوگر کافر کی مانند ہے اور کافر جہنمی ہے۔

ایک عورت حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ) میرا شوہر مجھ پر سختی کرتا ہے اور میں نے اس پر ایسا جادو کیا ہے کہ وہ مجھ پر مہربان ہو جائے حضرت رسول اکرم (ﷺ) نے فرمایا تجھ پر افسوس ہے تو نے اپنے دین خراب کیا ہے تجھ پر ملائکہ کی لعنت ہے۔ (تین بار فرمایا) تجھ پر آسمان کے فرشتوں کی لعنت ہے اور زمین کے فرشتوں کی لعنت ہے۔ حضرت رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مسلمان جادوگر کو قتل کر دیا جائے لیکن کافر جادوگر کو قتل نہیں کیا جائے گا پوچھا گیا یا رسول اللہ (ﷺ) وہ کس لئے فرمایا چونکہ شرک اور جادو آپس میں ملے ہوئے

ہوتے ہیں اور جو سزا شرک کی ہے وہ جادو کی سزا سے زیادہ ہے۔

ابن ابی حاتم، ابن مردویہ جندب بن عبداللہ بجلی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ جب تم کسی جادوگر کو پکڑ لو تو اسے قتل کر دو پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی ولا یفلح الساحر حیث اتیٰ (جادوگر جہاں جائے کامیاب نہیں ہو سکتا۔ (طٰہٰ 49) اور فرمایا کہ جب وہ پایا جائے تو اسے امن سے نہ رہنے دیا جائے۔

امام جعفر فرماتے ہیں جادو کی کئی قسمیں ہیں ان میں سے ایک قسم طب کی حیثیت رکھتی ہے جس طرح اطباء نے ہر بیماری کے لئے ایک دوائی تیار کی ہوتی ہے اسی طرح جادو کے علم سے جادوگروں نے ہر تندرستی کے لئے ایک آفت، ہر سلامتی کے لئے ایک مصیبت اور ہر معنی اور مقصد کے لئے ایک حیلہ تیار کیا ہوتا ہے۔ ایک اور قسم ہے جس سے کوئی اُچک کی جاتی ہے یا پھرتی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے یا جھوٹ گھڑا جاتا ہے یا پھر بیوقوف بنایا جاتا ہے ایک اور قسم وہ ہوتی ہے ان میں سے بہتر چیز کے جو زیادہ نزدیک ہوتی ہے یہی کچھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ طب کی مانند ہے جادوگر کسی شخص کے ساتھ ٹونہ کرتا ہے تو وہ مرد کسی قابل نہیں رہتا وہ طبیب کے پاس جاتا ہے چنانچہ طبیب اس کا علاج کرتا ہے اور اسے ٹھیک کر دیتا ہے۔

عبداللہ بسر مازنی سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا دنیا سے بچتے رہو کیونکہ مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ دنیا حاروت و ماروت سے بھی بڑی جادوگر ہے۔ امام رازی تفسیر کبیر میں لفظ سحر کی تشریح یوں فرماتے ہیں۔ ''لفظ سحر کے معنی شریعت میں ایسے امور کیلئے مخصوص ہے جن کا سبب پوشیدہ ہو اور وہ اصل حقیقت کے خلاف سمجھ میں آنے لگے۔'' تمام علماء اسلام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سحر ایک حقیقت ہے اور اپنے اندر مضر اثرات رکھتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''مہلک باتوں سے بچو یعنی شرک اور جادو سے'' کیونکہ جادو کا شمار سات مہلک چیزوں میں ہوتا ہے۔

قرآن پاک میں جادو کے تذکرہ کے ساتھ ساتھ کچھ ایسے واقعات پر روشنی موجود ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ پہلے زمانہ میں سحر کافی عروج پر تھا بڑے بڑے ساحر جگہ جگہ موجود تھے۔ ان ساحروں کو حکومتی سطح پر بھی سزائے موت دی گئی اور ان کے علمی ذخیرے کو دریا برد کر دیا گیا۔ اسی باعث علماء حق کی رائے یہ ہے کہ سحر ایک حقیقت ہے لیکن جو لوگ جادو کو مؤثر بالذات سمجھتے ہیں وہ کافر ہیں اور جادو کی تعلیم حاصل کرنا یا کسی کو جادو کی تعلیم دینا دونوں ہی باتیں منجملہ کفریات ہیں اور شریعت نے جادو کو شرک قرار دیا ہے البتہ فنون سیکھنا جن سے جادو جیسے مضر چیزوں پر قابو پایا جا سکے ضروری ہے۔

ابن خلدون لکھتے ہیں ”مسلمانوں کو فتوحات کے نتیجے میں مختلف ممالک سے اہم نوادرات کے علاوہ فلسفہ وحکمت ریاضی اور سحری علوم کا ذخیرہ ملا ہے مگر چونکہ شریعت اسلامی نے علم سحر کو حرام قرار دے دیا تھا اس لئے مسلمانوں نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ اگرچہ مسلمانوں نے ہی نہیں بلکہ دوسرے لوگوں نے بھی سحری علوم کو ختم کرنے کی بسیار کوششیں کی لیکن اس کے باوجود یہ علم آج تک سینہ بہ سینہ چلا آ رہا ہے۔“

بے شمار واقعات اور شواہد موجود ہیں کہ جادو کے ذریعے میاں بیوی کے تعلقات میں کشیدگی پیدا کر دی جاتی ہے۔ جادو کے ذریعہ لڑکیوں کے رشتوں کی بندش کر دی جاتی ہے۔ اور رشتے داروں میں دراڑ پڑ جاتی ہے۔ دودھ دینے والے جانوروں کے تھنوں سے دودھ سوکھ جاتا ہے۔ بچے سحر کی لپیٹ میں آ کر سوکھ کر مر جاتے ہیں۔ عورتوں کی کوکھ بندی کر دی جاتی ہے۔ مرد کو ناکارہ بنایا جاتا ہے۔ روزگار کی بندش کر دی جاتی ہے۔ خاندان کے خاندان تباہ کر دیئے جاتے ہیں گھروں کا سکون ختم کر دیا جاتا ہے۔ باہمی تعلقات نفرت اور عداوت میں بدل جاتے ہیں۔ زندگیاں ناسور بن کر رہ جاتی ہیں۔ چہرے بھی بگاڑ دیئے جاتے ہیں اور قدرتی حُسن کو پامال کر دیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے کہ قرآن مجید ہی میں ہر مشکل کا حل اور ہر بیماری کا علاج موجود

نوری عملیات کا فن

نوری علم میں باقاعدہ تعویزات، علامات، عملیات اور نقش بنائے جاتے ہیں جو ایک باقاعدہ فن ہے لہٰذا عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ ان بنیادی چیزوں کا علم رکھتا ہو۔

حروف تہجی

ان حروف تہجی کی کل تعداد اٹھائیس ہے۔ جنکی ترتیب و تعداد کی تفصیل اس طرح ہے۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
۲	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ف	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

حروف تہجی کی عناصر اربعہ سے نسبت اور سمتیں

آتشی حروف: ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ۔ ان کی سمت مشرق ہے۔

خاکی حروف: ب، و، ی، ن، ض، ت، ص۔ ان کی سمت جنوب ہے۔

بادی حروف: ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ۔ ان کی سمت مغرب ہے۔

آبی حروف: ح، ل، ع، ر، خ، غ۔ ان کی سمت شمال ہے۔

حروف تہجی کے موکل

ہر حرف کا ایک ایک موکل ہوتا ہے جو اس طرح ہے۔

حروف	موکل	حرف	موکل	حرف	موکل	حرف	موکل
ا	اسرائیل	د	وروائیل	ض	علکائیل	ک	صروزائیل
ب	جبرائیل	ذ	ابرائیل	ط	اسمائیل	ل	طاطائیل
ت	عزرائیل	ر	اموائیل	ظ	تورائیل	م	رومائیل
ث	میکائیل	ز	سرقائیل	ع	لومائیل	ن	حولائیل
ج	کلکائیل	س	سموائیل	غ	لوخائیل	و	رفتمائیل
ح	تنکفیل	ش	ہمزائیل	ف	سرحمائیل	ہ	دوریائیل
خ	مہکائیل	ص	اہجمائیل	ق	عطرائیل	ی	سرکہتائیل

نقوش تیار کرنے کے ضوابط

عملیات کے لئے قرآن مجید کی آیات کا ورد کیا جاتا ہے اور ان کے نقش تیار کیے جاتے ہیں لیکن ان کے ورد کے لئے ضروری ہے کہ پہلے زکوۃ ادا کی جائے۔

تعویذات کی زکوۃ کا طریقہ

(۱) ہر روز پینتالیس مرتبہ پینتالیس دنوں تک نقش لکھتا رہے۔ ان کی زکوۃ ادا ہوجائے گی۔

(۲) چاروں طرف ترک حیوانات ولذات کے ساتھ ساٹھ دنوں تک ہر ایک تعویذ پندرہ مرتبہ روزانہ لکھے۔ آتشی کو آگ بادی کو ہوا میں۔ آبی کو پانی میں اور خاکی کو خاک میں دفن کردیا کریں۔ مدت زکوۃ گزرنے کے بعد روز ہر قسم کا ایک ایک نقش لکھیں۔ اور چند دنوں بعد ان تعویذات کو آگ، خاک، پانی اور ہوا میں چھوڑ دیں۔ زکوۃ کے بعد محبت، تسخیر قلوب، صحت کے لئے آتشی تعویذ عمل میں لائیں۔

(۳) آتشی نقوش کا موکل عزرائیل۔ بادی کا جبرائیل۔ آبی کا میکائیل اور خاکی کا اسرافیل ہے۔ نقش مربع آتشی کی زکوۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ترک حیوانات و لذات اور دوسرے پرہیزوں کے ساتھ چونتیس نقش ہر روز لکھ کر آگ میں ڈالیں۔ اسی طرح بادی، خاکی اور آبی بھی چونتیس چونتیس مرتبہ روز لکھ کر خاک، ہوا اور پانی میں ملائیں پینسٹھ دن تک اسی طرح زکوۃ دیں۔ بہتر ہے کہ ساعت زہرا میں کام شروع کریں۔ اور مناسب بخور بھی سلگایا کریں۔

تعویذات کی اشکال

عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اشکال جن میں بطریق کامل ناقص فرد اور زوج اعداد لکھے جاتے ہیں، ضلع نظر، سطر، حواشی، بطنی، ذیلی، عدد عدل اور عدد طبعی سے بخوبی واقف ہو۔ اُسے معلوم ہونا چاہئے کہ شکل کامل اور شکل ناقص میں کیا فرق ہے اور حقیقی مربع اور مثلث مخمس، مطبع اور مثمن میں کتنی خصوصیات ہوتی ہیں۔

اعداد۔ دو قسمیں ہیں۔ عدد کامل اور عدد ناقص۔

شکل کامل۔ وہ شکل ہوتی ہے۔ جس میں کوئی شکل درج ہو۔

ناقص شکل۔ وہ شکل ہوتی ہے جس سے کوئی دوسری شکل پیدا نہ ہو۔

حقیقی مربع اور مثلث کی خاصیت۔ حقیقی مربع اور مثلث میں ایک خاصیت ہوتی ہے۔

مخمس۔ مخمس میں مثلث اور مسدس درج ہے جو دو چند خاصیت رکھتی ہے۔

مطبع اور مثمن۔ سہ چند خاصیتوں کی حامل ہوتی ہیں۔

صحیح شکل۔ صحیح شکل وہ ہوتی ہے کہ ضلع ضلع کے ساتھ قطر برابر آجائے۔

عدد عدل۔ عدد بیوت کی ایک سطر کو اسی کی ذات میں ضرب دی جائے اور حاصل ضرب پر ایک زیادہ کیا جائے تو عدد عدل برآمد ہوگا۔ مثلث کے عدد عدل، 10 مربع کے 17 مخمس کے 26 اور

مسدس کے 37 بنتے ہیں۔

عدد مطروحہ۔ عدد مطروحہ وہ عدد ہوتے ہیں جنہیں نقش پُر کرنے کے وقت کل اعداد سے منہا کر کے حاصل قسمت سے نقش پُر کیا جاتا ہے۔ عدد مطروحہ کے لئے مثلث کو باہم ضرب دیں یعنی 3×3=9 اس میں ایک کم کر کے مثلث کے نصف یعنی $1\frac{1}{2}$ سے ضرب دیں تو 12 بنتے ہیں جو مثلث کے اعداد مطروحہ ہیں اسی طریق سے مربع کے اعداد مطروحہ 30 مخمس کے 60 اور مسدس کے 105 بنتے ہیں۔ لہٰذا مثلث میں بارہ اور مربع میں تیس مخمس میں 60 اور مسدس میں 105 کو مجموعہ کے اعداد سے منہا کر کے جو کچھ باقی بچے مثلث کی صورت میں تین اور مربع کی صورت میں چار مخمس کی صورت میں 5 اور مسدس کی صورت میں 6 پر تقسیم کر کے نقش پُر کرنا چاہئے۔

وقف طبعی۔ وقف طبعی سے مراد وہ عدد ہے جس سے نقش کی سطروں کے اعداد کا مجموعہ چاہے کسی طرز سے بھی کیا جائے اس عدد سے ہرگز کم نہ ہو۔ مثلث حقیقی تین ہے جو ایک سطر کا بیوت ہے۔ اسکو آدھا کیا جائے تو $1\frac{1}{2}$ رہتا ہے اسے عدد عدل یعنی 10 سے ضرب دیں تو پندرہ بنتا ہے۔ جو مثلث کا وقف طبعی ہے۔ اسی طریق سے مربع کا وقف طبعی 34 بنتا ہے۔ نقش مخمس کا وقف طبعی 65 جبکہ نقش مسدس کا وقف طبعی 111 بنتا ہے۔ اسی طریق سے مسبع اور مثمن کا وقف طبعی معلوم کیا جاسکتا ہے۔

نقش کو پُر کرنا۔ وقف طبعی سے عدد مطروحہ کو منہا کر کے مثلث کی صورت میں 3 مربع کی صورت میں چار مخمس کی صورت میں 5 اور مسدس کی

صورت میں 6 تقسیم کر کے نقش کو پُر کیا جائے۔ جس قسم کا نقش پُر کرنا مقصود ہو اعداد نکال کر درج ذیل شعر میں دی گئی ترتیب کے مطابق پُر کیا جائے۔

دو اسپ و رخ دو فرزیں باز و رُخ گیر
شدہ آخر مثلث راست تدبیر

پہلا خانہ پُر کرتے وقت اططبیاں ایک مرتبہ دوسرا خانہ پُر کرنے کے وقت اططبیاں دو مرتبہ۔ تیسرے تین تین مرتبہ اططبیاں۔ چوتھے خانہ میں لکھنے کے وقت طططبیاں۔ اور پانچویں مرتبہ مططبیاں۔ چھٹا لکھتے وقت چھ مرتبہ وططبیاں ساتویں سات مرتبہ زططبیاں۔ آٹھویں خانہ کو پُر کرتے وقت آٹھ مرتبہ حططبیاں اور نویں خانہ کو پُر کرتے وقت نو مرتبہ ططبیاں کہا جائے۔

اشکال کی قسمیں۔ اشکال کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔ فرد، زوج الفرد اور زوج الزوج فرد وہ شکل ہے جس میں عدد بیت آدھی سطر صحیح نہ رکھتا ہو۔ شکل فرد الزوج وہ ہے جس میں نصف صحیح اور بغیر کسر کے ہو اور طاق ہو جبکہ شکل الزوج زوج وہ ہے جسکا نصف جفت ہو۔

ساعات کی تشریح

نقوش پُر کرتے وقت ساعتوں کا خصوصی خیال رکھا جاتا ہے۔ آسمانوں میں سات ستارے اور بارہ بُرج ہیں۔

بُرج:

۱۔حمل (میکھ) ۲۔ثور (برکھا) ۳۔جوزا (متھن) ۴۔سرطان (کرک)
۵۔اسد (سنگھ) ۶۔سنبلہ (کینا) ۷۔میزان (تلا) ۸۔عقرب (برجھک)
۹۔قوس (دھن) 10۔جدی (مکر) ۱۱۔دلو (کنبھ) ۱۲۔حوت (مین)

سیارے:

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ساتواں آسمان	چھٹا آسمان	پانچواں آسمان	چوتھا آسمان	تیسرا آسمان	دوسرا آسمان	پہلا آسمان دنیا

بروج کے موکلات

نمبر شمار	نام سر حرف ہر آدمی جسکا بارہ بروج سے تعلق ہے	نام بروج متعلق حروف	طالع برج	طبع دوازدہ ماہ	شمار نر و مادہ ماہہا	ایام نحس جو ہر ماہ میں ہر طالع سردمان پر ہوتے ہیں	نام موکلات بروج
۱	ا ع ل ی	حمل	آتشی	محرم	نر	۶،۱۱،۲۰،۲۹	اسرافیل
۲	ب و	ثور	خاکی	صفر	مادہ	۳،۹،۱۳،۲۵،۲۸	عزرائیل
۳	ق ک	جوزا	ہادی	ربیع اول	نر	۴،۱۳،۱۷،۱۸،۳۰	ہموائیل
۴	ح ھ	سرطان	آبی	ربیع الثانی	مادہ	۱۲،۱۷،۱۸،۲۲،۲۵	قبطائیل
۵	م	اسد	آتشی	جمادی الثانی	نر	۶،۱۳،۱۲،۲۱،۲۵	سراطیل
۶	پ	سنبلہ	خاکی	جمادی الثانی	مادہ	۸	ہمکیل
۷	ت ر ط	میزان	ہادی	رجب	نر	x	ہمکیائیل
۸	ن ج	عقرب	آبی	شعبان	مادہ	۹،۷،۲۳،۲۳،۲۸	صرجائیل
۹	ف	مشتری	آتشی	رمضان	نر	۱۳،۱۵،۱۷،۲۳،۲۸	صحکائیل
۱۰	خ غ	جدی	خاکی	شوال	مادہ	۱۷،۲۲،۲۳،۲۵	سیائیل
۱۱	س ش ث ض	دلو	ہادی	ذیقعد	نر	۱،۱۳،۱۷،۲۲،۲۹	صیکائیل
۱۲		حوت	آبی	ذالحجہ	مادہ	۲۴،۲۹،۳۰	بطیائیل

نام کے مطابق موکلات:

نمبر شمار	نام حروف آدمی	نام خداتعالی موافق حرف	نام موکل حرف آدمی	چنانچہ داؤد یا درود اگر ایک حرف سے صرف نام آدمی درمیان نام خداتعالی ہو۔ تو بھی یہ عمل کرے جو اوپر نقشہ میں درج ہے۔
۱	ا	اللہ یاور	اسرافیل	
۲	ب	باسط	جبرائیل	
۳	ت	تواب	عزرائیل	
۴	ث	ثابت	میکائیل	
۵	ج	جبار	کلکائیل	
۶	ح	حی	تنکفیل	
۷	خ	خبیر	مہکائیل	
۸	د	دائم	دروائیل	
۹	ذ	ذوالجلال	ابرائیل	
۱۰	ر	رحیم	اموائیل	
۱۱	ز	عزیز نارگی	سرقائیل	
۱۲	س	سلام	سموائیل	
۱۳	ش	شہید	ہمزائیل	
۱۴	ص	صمد	اہجمائیل	
۱۵	ض	ضیار	علکائیل	

۱۶	ط	طاہر	اسمائیل	
۱۷	ظ	ظاہر	توراثیل	
۱۸	ع	علیم	لومائیل	
۱۹	غ	غنی	لوخائیل	
۲۰	ف	فہیم	سرحماکیل	
۲۱	ق	قادر	عطرائیل	
۲۲	ک	کریم	صروزائیل	
۲۳	ل	لطیف	طاطائیل	
۲۴	ن	مومن	رومائیل	
۲۵	و	نور	جولائیل	
۲۶	ہ	وہاب	رفتمائیل	
۲۷	ہ	ہادی	دورائیل	
۲۸	ی	یحیٰ	سرکہتائیل	

حالت ساعات روز وشب

نمبر شمار	نام ایام	ساعت اول	ساعت دوئم	ساعت سوم	ساعت چہارم	ساعت پنجم	ساعت ششم	ساعت ہفتم	ساعت ہشتم	ساعت نہم	ساعت دہم	ساعت …دہم	ساعت …دہم
۱	یوم شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
	شب شنبہ	مریخ	ھمش	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
۲	یوم یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
	شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

۳	یوم دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
	شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
۴	یوم سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
	شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
۵	یوم چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
	شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
۶	یوم پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
	شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
۷	یوم جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
	شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس

دن کی ساعت معلوم کرنے کے لئے جب آفتاب نکل آئے تو سایہ اپنا ناپے اس جگہ کہ سایہ ۸۰ قدم ہو اول ساعت ہوگی اور دوسری ساعت ۴۰ قدم پر۔ اور تیسری ساعت ۲۰ قدم پر اور چوتھی ساعت ۷ قدم پر اور پانچویں ساعت پانچ قدم پر اور چھٹی ساعت ڈھائی قدم پر اور ساتویں ساعت سوا قدم پر شمار ہوگی اور جب بعد دوپہر کے آفتاب مغرب کی طرف جائے تو سوا قدم پر سایہ کو ناپے اس طرح سے کسی دوسرے آدمی کو کھڑا کر کے اس کے سایہ کو اپنا سایہ شمار کرے پانچ قدم پر شمار کرنے سے تیسری ساعت ہوگی دس قدم پر سایہ کو شمار کرنے سے چوتھی ساعت اور بیس قدم پر پانچویں ساعت چالیس قدم پر چھٹی ساعت اور ۸۰ قدم پر شمار کرنے سے ساتویں ساعت شمار ہو گی پس اسی طرح ہر ستارہ کی بھی ساعت ہوتی ہے جس سے تعویذ آسانی سے لکھے جاتے ہیں جو ضروری کرنا چاہئے ان کے بغیر عمل یا تعویذ بے سود ہو جاتا ہے۔

ساعات کا شمار سیاروں کی حرکات سے بھی لگایا جاتا ہے۔ بزرگ سنیچر کے دن سے ساعات کا شمار اس طرح کرتے ہیں۔

پہلی ساعت زحل اڑھائی گھڑی — دوسری ساعت مشتری اڑھائی گھڑی
تیسری ساعت مریخ اڑھائی گھڑی — چوتھی ساعت شمس اڑھائی گھڑی
پانچویں ساعت زہرہ اڑھائی گھڑی — چھٹی ساعت عطارد اڑھائی گھڑی
ساتویں ساعت قمر اڑھائی گھڑی — آٹھویں ساعت زحل اڑھائی گھڑی
نویں ساعت مشتری اڑھائی گھڑی — دسویں ساعت مریخ اڑھائی گھڑی
گیارھویں ساعت اڑھائی گھڑی — بارھویں ساعت زہرہ اڑھائی گھڑی

سنیچر کا دن ختم ہوا اور رات اتوار کی شروع ہوئی۔ ساعت کا دور اس طور پر آگے چلے گا۔ زہرہ کے بعد بدستور رات کی پہلی ساعت عطارد سے ہوگی۔

پہلی ساعت رات عطارد اڑھائی گھڑی — دوسری ساعت رات قمر اڑھائی گھڑی
تیسری ساعت رات زحل------ — چوتھی ساعت رات مشتری------
پانچویں ساعت رات مریخ---- — چھٹی ساعت رات شمس------
ساتویں ساعت رات زہرہ---- — آٹھویں ساعت رات عطارد----
نویں ساعت رات قمر------ — دسویں ساعت رات زحل------
گیارھویں ساعت رات مشتری---- — بارھویں ساعت رات مریخ----

اتوار کا سورج کے نکلتے ہی شمس کی ساعت شروع ہوجاتی ہے اور بدستور انہی سات ستاروں کا دورہ رہتا ہے۔ ایک دورہ ختم ہونے کے بعد پھر دوسرا دورہ شروع ہوتا ہے۔ اتوار کا روز پہلی ساعت شمس، دوسری زہرہ، تیسری عطارد، چوتھی قمر، پانچویں پھر دورہ ختم ہونے پر زحل، چھٹی مشتری، ساتویں مریخ، آٹھویں شمس، نویں زہرہ، دسویں عطارد، گیارھویں قمر اور بارھویں زحل۔ اب سورج غروب ہوا۔ اور اگلے دن ہی سوموار کی رات شروع ہوئی۔ اور زحل پر سورج غروب ہونے کے بعد اگلی رات کو پہلی رات کی پہلی ساعت مشتری، دوسری مریخ، تیسری شمس علی ہذا القیاس ساتوں دنوں کی ساعات اسی ترتیب سے چلیں گی۔

دشمن کو برباد و ذلیل اور آدمیوں کے درمیان بغض و عداوت کے لئے ہفتہ (شنبہ) کے دن زحل کی پہلی ساعت اور مریخ کی تیسری ساعت حکام و سلاطین کے روبرو عزت اور وقار اور محبت والفت کے لئے مشتری کی دوسری ساعت اور شمس کی ساعت جو سعد اکبر کہلاتی ہے۔ زبان بندی، دفع بلا و آسیب کے لئے ساعت ذوجسدین یعنی عطارد کی پانچویں ساعت موزوں ہے۔

سوگند موکلات فرشتگان

جس وقت تعویذ یا فلیتہ لکھنے کا ارادہ تو ہو اول عامل اپنے نام کو خدا تعالیٰ کے نام کے حروف سے لائے یعنی اگر پہلے حرف الف آیا ہو تو خدا کا نام احد یا عامل کا نام ابراہیم آیا تو تلاش کی کوئی ضرورت نہ رہے گی جس وقت یہ نام متفق ہو جائیں تو خدا تعالیٰ کے پہلے حرف اللہ یا احد کا موکل اسرافیل اور سفلی موکل کا اطلائیل ہوگا۔ اس کو قسم دیں کہ یا اسرافیل تم کو اللہ کی قسم ہے تم اپنے موکل سفلی اطلائیل کو واسطے فلاں کام کے حکم دیں کہ وہ میرے کام میں مدد کرے اور برج حمل حرف الف کا ہے جس کا علوی موکل اسرافیل ہوا اور اسرافیل کا سفلی موکل اطلائیل ہوا اور پھر یہ کہو کہ یا اسرافیل محبت احد کی میری طرف ہو جائے **بحق یا اللہ یا دائم یا قائم العمل العمل العمل آن آن آن اللہ الباری یحبونھم لحب اللہ ایاک نعبدو ایاک نستعین بحق یا اللہ۔**

دوستی کے لیے تعویذ

زحل و مریخ کی ساعت میں دوستی کا تعویذ ہرگز نہ لکھا جائے کیونکہ زحل و مریخ کی ساعت میں دشمنی کے لیے تعویذ لکھے جاتے ہیں دوستی کے تعویذ کو صرف مشتری کی ساعت میں لکھنا چاہیے۔ جب آپ دوستی کے تعویذ لکھنے شروع کریں تو پاک وصاف باوضو وطہارت مع لباس پاکیزہ کے ہونا چاہیے اور بخورات یعنی دھونی بھی متعلقہ ستارہ کی جائے اور شروع ماہ سے نصف ماہ تک درمیانی عرصہ میں لکھنے چاہئیں بعد نصف ماہ گذرنے کے اس قسم کے تعویذات ہرگز نہ لکھیں اور تھوڑی سی شیرینی منہ کے اندر رکھیں

اور کسی خالی مکان میں بیٹھیں اور کسی سے بات نہ کریں اور دھونی کو جلدی دیں اور کاغذ کو دائیں زانو پر رکھ کر لکھیں اگر طالع آتشی ہو تو منہ اپنا مشرق کی طرف ہونا چاہیے اور اس کا تعویذ آگ میں جلانا چاہئے اور اگر تعویذ دریا میں ڈالنے کا ہو تو دریا میں ڈالنا چاہئے اور اگر کھلانے کے طریق کا ہو تو کھلانا چاہئے اور پانی کو آگ پر قوت زبردست ہے۔ اگر طالع آبی ہو تو منہ شمال کی جانب ہونا چاہئے اور اس کا تعویذ بہتے ہوئے دریا میں ڈالنا چاہئے۔ اگر کنوئیں میں ڈالنے کے طریق کا ہو تو وہاں ڈالیں اگر پلانے کے طریقہ کا ہو تو ایسا ہی کرنا چاہئے اگر ہوا میں لٹکانے کے طریقہ کا ہو تو کسی درخت سے جا کر باندھنا چاہیے کیونکہ ہوا کو پانی سے زیادہ قوت حاصل ہے اور اگر طالع خاکی ہو تو منہ کو بجانب جنوب کرنا چاہئے اور اس کے تعویذ خاک یا زمین کے درمیان دفن کرنے چاہئیں یا کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دینے چاہئیں یا ہوا میں لٹکائیں کیونکہ ہوا کو خاک کی نسبت زیادہ قوت ہے اور اگر طالع بادی ہو تو اپنا منہ مغرب کی طرف کر لینا چاہئے اور اس کے تعویذوں کو ہوا کے درمیان لٹکانا چاہئے یا کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دینا چاہئے کیونکہ سنگ یعنی پتھر کو قوت میں ہوا پر فوقیت ہے۔

دشمنی کے لئے تعویذات

مقہوری دشمن کے واسطے تعویذ پندرہ تاریخ یعنی نصف ماہ آخیر تک لکھنا چاہیے اور ترشی یا تلخی منہ میں ڈالنی چاہیے اور کاغذ کو زانوئے چپ پر رکھیں اور مکان تنہا یا جنگل میں جا کر کریں۔ زبان بندی کے لیے تعویذ: لکھنا ہو تو پہلے موم کو قدرے دہن میں ڈال لیں باقی طریقہ دشمنی والا عمل میں لایا جائے۔ خواب بندی کے لیے تعویذ: لکھنا منظور خاطر ہو تو اول سیاہ مرچ کو کھانا چاہیے جب تعویذات کے لکھنے سے فراغت ہو جائے تو جو جو چیز تعویذ لکھنے کے شروع میں منہ میں ڈالی ہو اخیر میں بھی قدرے قدرے منہ میں ڈالنی چاہیے۔

عزیمت برائے تعویذات

اور جس وقت تعویذ کے واسطے کاغذ کو لیا جائے یا تعویذ لکھنا شروع کریں تو حب، بغض، فتح وغیرہ وغیرہ عمل سے قبل سات بار اس عزیمت کو پڑھ کر کاغذ کے اوپر پھونک کر دم کریں۔

عزیمت یہ ہے خروس۔ روس۔ بدیوس۔ دماخوس رھاریابس ھطش ھفس۔

دوستی کے لیے تعویذ لکھنا شروع کیا جائے تو تعویذ کے سر کے اوپر پہلے یہ دعا لکھنی چاہیے۔ یا صاحب السحر الوسواس اجبتم فلان اسرع فی طرفة العین الوحا الوحا الساعة الساعة اور آخر میں یہ دعا لکھیں کتب هذه ينفعها ابرأ اور دشمنی کے تعویذ پر پہلے یہ دعا لکھیں یا ابلیس یا صاحب العداوة والبغضاء والحق والباطل الوحا اور آخر میں یہ لکھنا چاہیے کتب هذه التعويذ فلان ابن فلان مطلوب عداوة لانجده فلان بن فلان ابدا اور برسر تعویذ زبان بندی یہ لکھنا چاہیے کتب هذه التعويذ لعقد اللسان يا عقده الفوه فلان ابن فلان عقد العين او اللسان دليه الهادى۔

آتشی تعویذات کے لکھنے کا طریقہ اس بات سے مشروط ہے کہ جب فلیتہ یا تعویذ جلایا جائے تو خالی مکان میں بیٹھ کر اور اس عزیمت کو عدد حروف مطلوب کے ساتھ پڑھیں۔ جب تک فلیتہ تمام نہ ہو جائے خاموش رہیں اور جب تمام جل چکے تو اس عزیمت کو پڑھیں اور خاموش ہو جائیں۔

اقسمت عليكم يا ارواح العلويه والسفليه بكل اسم حاصل من هذا الحروف من سماع ابناء ربكم من الملائكة والمقربين والارواح المقدسين ان تعينوانى المحبة فلان بن فلان لمحبة الى الى الى۔

اسمائے ربانی

اسمائے جمالی

اللہ تعالیٰ کے ۹۹ ناموں میں سے 45 نام جمالی ہیں جو نہایت شفیق اور مہربانی ہیں تفصیل اس طرح ہے۔

یارحمان، یا رحیم، یا سلام، یامومن، یامھین، یاوھاب،
یا رزاق، یافتاح، یا باری، یا غظام، یاباسط، یامعز،
یالطیف، یاغفور، یاشکور، یا حفیظ، یاکریم، یاواسع،
یا حکیم، یاحکیم، یاودود، یاکفیل، یاولی، یامغنی،
یامعطی، یانافع، یارشید، یامحی، یاحی، یاقیوم،
یاماجد، یاصمد، یابر، یاتواب، یاعفو، یارون، یانور،
یاھادی، یاباقی، یاصبور، یاواجد، یاوکیل، یااحد،
یانعیم، یاضار

متذکرہ جمالی اسماء میں سے سات اسماء۔ یاباسط، یاسلام، یافتاح، یامعز، یالطیف، یاکریم، یاواسع ایسے اسماء ہیں جو اعداد کے لحاظ سے کشائش رزق اور عزت ومرتبہ کے حصول کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔

یارحمٰن، یارحیم، یاحلیم، یا حفیظ، یاحی، یاقیوم، یافتاح، یارافع، یاھادی بادشاہوں اور امراء کی نظروں میں عزت ووقار حاصل کرنے کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔

الفت ومحبت کے لئے یاودود، یابدوح، یالطیف میں سے کسی ایک اسم جمالی کا ورد کیا جاتا ہے۔ جبکہ صحت کے لئے سات اسماء یاحفیظ، یا سلام، یانافع، یا بانی، یا کریم، یاغفور، یاھادی میں سے کسی ایک اسم کا ورد کیا جاتا ہے۔

اسمائے جلالی

ان اسماء جلالی کی تعداد اکیس ہے۔ اسمائے جلالی کو اسمائے ہیبت بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اسماء جدائی ڈالنے، بغض وعداوت پیدا کرنے دشمنوں کو ذلیل وخوار کرنے ان کے گھروں کو ویران اور اسباب رزق کو روکنے کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔ جنکی ترتیب و اعداد کی تفصیل اس طرح ہے۔

یاعزیز، یاجبار، یا متکبر، یاقھار، یا قابض، یا مذل، یاعلی، یا جلیل، یاقوی، یامتین، یامبدی، یامعبد، یا محبت، یاقادر، یا مقتدر، یا منتقم، یا ذوالجلال، یامانع، یاوارث، یا مالک الملک بغض وعناد وعداوت کے لئے یا جبار، یاقابض، یا قوی میں سے کسی ایک اسم اور دشمن کو مقہور اور ذلیل کرنے کے لئے یاقھار، یا مزل میں کسی اسم کا عمل کیا جاتا ہے۔

اسمائے مشترک

اسمائے مشترک جلالی اور جمالی دونوں خاصیتیں رکھتے ہیں۔ ان کی تعداد 32 ہے۔ ترتیب واعداد کی تفصیل اس طرح ہے۔

یامالك، یاواحد، یا خالق، یا قدوس، یامصور، یاعلیم،
یاسمیع، یابصیر، یاحلیم، یاعدل، یا خبیر، یاعظیم،
یامقیت، یاحسیب، یامنعم، یامجیب، یا باعث، یا شھید،
یاحق، یامقدم، یاموخر، یااول، یاآخر، یاظاھر،
یاباطن، یامتعال، یااکرام، یاجامع، یاغنی، یابدیع،
یارشید، یاوالی

0 جب دعوت اور زکوٰۃ کے خیال سے پڑھیں تو تسبیح کے دانہ کو اپنی طرف، دشمن کی تباہی اور ذلت کے لئے بائیں طرف اور مدارج اعلیٰ حاصل کرنے کے واسطے دائیں طرف کو پھرائیں۔

0 تو اپنی ضرورت کے موافق خدا نے ناموں سے ایک نام تلاش کرلیں۔ مثلاً

آپ کی تجارت نہیں چل رہی۔ تو "یاواسع" آپ کو ملازمت کی تلاش ہے تو "یارزاق" دولت کی تمنا ہے تو "یاغنی" کسی بیمار کی صحت وتندرستی مطلوب ہے تو "یاشافی" کسی امیر کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے تو "یالطیف"۔ کسی محبوب کے دل محبت پیدا کرتا ہے تو وودو۔ غرضیکہ حسب خواہش ایک نام تلاش کرلیں۔ اس خدا کے نام اور اپنے نام کے ہر حرف کے اعداد اوپر لکھے ہوئے نقشہ سے لکھ کر ایک جگہ جمع کریں۔ مثلاً ایک شخص عبدالرحیم تنگدستی سے تنگ آ کر فراخ دستی کے لئے عمل بنانا چاہتا ہے تو وہ اپنے نام عبدالرحیم اور اسم خدا غنی کے ہر حرف کے اعداد نقشہ سے اس طرح ایک جمع کریگا۔ چنانچہ جمع کیا تو کل عدد ۳۳۶۳ ہوئے انہی سے ۳۰ عدد باقی نکال لئے پھر جو باقی بچے اس کو ۴ سے تقسیم کریں جو خارج قسمت آئے اسکو اس جگہ لکھیں جہاں ایک کا ہندسہ رکھا پھر نمبر ۲ کے خانہ میں ایک بڑھا کر اسی طرح ایک ایک زیادہ کرکے نقش کے سولہ خانے پُر کرلو۔ یعنی نقش مربع پُر کرلو۔

○ یاحق یا عزیز ۱۱۲۵ مرتبہ روزانہ بوقت شب ۲۱ یوم تک پڑھیں مراد حاصل ہو جائے گی۔

○ اللہ الصمد کی ایک تسبیح روزانہ بلاناغہ کسی وقت بعد نماز کے پڑھیں غیب سے رزق ملے گا اور دن بدن ترقی ہوگی۔

○ کوئی شخص اگر چاہے کہ روئے زمین اُس کے حکم کی تابع ہو تو بروز پنجشنبہ اِک ہزار مرتبہ اسم اعظم اللہ الصمد اس طریق سے ہفت روز پڑھیں۔ تمام خلق خدا اس کے حکم کے تابع ہو جائے گی۔

○ اگر کوئی چاہے کہ تمام جن و دیو پری اُس کے مطیع ہو جائیں تو بروز یکشنبہ ایک ہزار مرتبہ اسم اعظم اللہ الصمد کو اکیس روز تک پڑھیں تمام جن و پری فرمانبرداری کے لئے حاضر ہو جائیں گی۔

کسی کو زیارت حضرت رسول کریم ﷺ کی تمنا ہو تو بروز پنجشنبہ ایک ہزار مرتبہ اسم اعظم "اللہ الصمد" کو پڑھ کر جائے نماز پر سو جائے۔ فوراً تجلی ہوگی اور اُسے حضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر کر دیا جائے گا اگر کسی کو کشف القبور کی خواہش ہے تو قبرستان میں جا کر قبر کے سرہانے بیٹھ کر اسم اعظم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو وہ شخص قبر سے نکل کر سلام کرے گا درخواست کرے گا کہ اس کے لئے اسم اعظم پڑھ کر بخشا جائے اگر وہ اس شخص کو اپنے ہمراہ لانا چاہے ہو تو ایک روٹی روز کی اس قبر پر پہنچا دے وہ تمام عمر خدمت کرے گا۔

○ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اسرار غیب بھی نظر آئیں گے۔

یاحیی یاقیوم۔

○ ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ مراد بر آئے گی۔

لا الٰہ الا اللہ۔

○ ۲۵ روز تک بلاناغہ ۳۳۳۲ مرتبہ منہ کو بطرف قبلہ کرکے علیحدہ جگہ پر باوضو صبح اور "بعد نماز عشاء پڑھیں"۔ یاباسط اور یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں اور پڑھنے کے وقت نکال لیں۔ خدا غیب سے تو انگر کر دے گا۔

نقش یاباسط ۷۸۶

ط	س	ا	ب
ب	ا	س	ط
س	ط	ب	ا
ا	ب	ط	س

اعداد نقش یاباسط ۷۸۶

۱۳۳۹	۱۳۳۳	۱۳۳۶	۱۳۳۲
۱۳۳۶	۱۳۳۳	۱۳۳۸	۱۳۳۳
۱۳۳۳	۱۳۹۳	۱۳۳۱	۱۳۳۷
۱۳۳۲	۱۳۳۶	۱۳۳۵	۱۳۳۸

○ یاعزیز جمالی وجلالی کے ساتھ سوالاکھ بار ورد مکمل کرکے پھر روزانہ ایک تسبیح پڑھیں۔ چاند کی ۱۱ تاریخ کو شروع کرکے دوسرے چاند کی ۱۱ کو ختم کریں عزت وآبرو ملے گی۔ مجرب المجرب ہے۔

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا کریم یا مفتح الابواب۔

اسم "یا واجد"

- (i) جو شخص بکثرت پڑھے گا دل اس کا غنی اور تونگر ہوگا۔
(ii) جو شخص رات کے اندھیرے میں کسی خلوت کی جگہ اس نام کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے گا غیب سے اسے تونگری نصیب ہوگی۔
(iii) جو شخص اس نام کو کھانا کھانے کے وقت ہر نوالہ کے ساتھ پڑھتا رہے گا وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہو جائے گا اس کھانے سے نماز میں دوسرے کم پیدا ہوں گے۔
(iv) جو شخص ایک سو گیارہ مرتبہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دم کرکے جس کو پانی پلائے گا وہ شخص بے حد محبت رکھنے لگے گا۔
(v) زوجین کی محبت کے لئے یہ عمل نہایت مفید ہے۔
- صبح کی نماز پڑھ کر کسی سے نہ بولے اور ایک سو بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ یا حی یا قیوم یا قائم یا فرد یا وتر یا احد یا صمد پڑھ کر جو حاجت مانگیں گے روا ہوگی۔
- جلتی آگ میں تکبیر پڑھنا یعنی اللہ اکبر کہنا بھی آگ کو بجھاتا ہے۔
- حروف اسماء الٰہی کو الف لام حذف کرکے جمل کبیر کے ساتھ ایک خالی جگہ میں پڑھیں۔ دعا فوراً مستجاب ہوگی اور کمی و زیادتی نہ کریں کیونکہ زیادتی اسراف اور کمی نقصان ہے اور یہ قاعدہ کبریت احمر ہے۔ جمل کبیر یہ کہ اسم الٰہی سے الف لام حذف کرکے باقی حروف کو علیحدہ علیحدہ ملفوظی (لفظوں میں) پڑھیں۔ نہ مکتوبی جیسے الرحمٰن جیسے آ۔ ل دور کیا۔ ر۔ ح۔ م۔ ن باقی رہے ان ملفوظی یعنی را حا میم الف نون کرکے پڑھیں۔
- نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء ۸۵ مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھیں خدا غیب

سے رزق دے گا۔

یا حکیم انت حکمہ بالحکمۃ والحکمۃ فی حکمتک یا حکیم

- نوچندی جمعرات سے شروع کرکے بعد نماز مغرب ایک ہزار بار ہر جمعرات کو ورد کریں اور کمہ والا روپیہ ایک ڈبیہ میں عطر سے معطر کرکے اس کو روبرو کھول کر رکھیں اور تصور پیر و مرشد کا یا مطلوب خواہ زن ہو یا مرد باندھیں۔ خداوند کریم غیب سے مدد کرے گا اور رزق کی ترقی ہوگی۔

یاغنی المغنی۔

- ۱۲۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز مغرب بلاناغہ پڑھیں اور دیکھیں غیب سے کیا ملے گا۔

یا قوی یا قادر روزی کو حاضر کر۔

- یا باسط بحق میکائیل بعد کھانا کھانے کے ۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ خدا تعالیٰ رزق میں ترقی دے گا۔
- نوچندی جمعرات سے شروع کرکے ہر روز صبح درج ذیل ایک نقش لکھیں اور نیچے دیے ہوئے عمل کی ایک تسبیح روزانہ ۴۰ یوم تک مسلسل پڑھیں اور نقش کو دریا میں ڈالیں اللہ تعالیٰ روزی بے حد دے گا۔ ترقی ہوگی۔

یا وھاب یا رزاق یا خالص یا مخلص۔ یا معز یا وکیل۔

یا اللہ کافی	یا مغنی
یا وہاب	یا قائم
یا حی	یا دائم
یا خالص	یا رزاق
یا مخلص	یا مغنی

○ ایک خالی ڈبیہ میں عطر سے تر روئی رکھ کر اس میں بروز پنجشنبہ ایک روپیہ محمد والا محمد شاہی کو عرق گلاب سے دھو کر لوبان کی دھونی دیں اور اس ڈبیہ میں بند کر کے اس پر ہر پنجشنبہ کو ہزار مرتبہ یا غنی یا مغنی اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار کے ساتھ پڑھیں پھر اس ڈبیہ کو اپنے صندوقچے میں رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام عمر کسی کے محتاج نہیں رہیں گے۔

○ جمعہ کے دن ان اسماء کو مشک اور زعفران اور گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ جب معشوق کے سامنے جائیں گے بیقرار ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم اللہ اللہ اللہ یا مارج یا معارج یا معارج یاحی یاحی یاقیوم یاقیوم یاقیوم یارب یارب یارب برحمتک یا ارحم الرحمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ اجمعین یارب احنث قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یحبونھم کحب اللہ والذی امنوا اشد حبا للہ عملا عم یا عاطحا سحایا ساسًا یالھم یا ابا الحی یا طمعو یا من ابا سعی یاطلعوا یادوسم طعم اورعا یالوکمہ سا محبوب یاسح یا مطظر وحج یاست یاست یا اسح علعو اللہ اللہ وطہ الاصبو ولا حول ولا قوۃ اللہ باللہ العلی العظیم

مستند استخارے

○ درج ذیل مجرب استخارہ کی زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے چالیس روز تک کسی پاکیزہ جگہ پر ایک ہی مقررہ وقت میں اول و آخر درود شریف کے ساتھ ان آیات کا ایک لاکھ پچیس ہزار بار ورد کریں۔ اور پھر ہر روز بعد نماز عشاء اکیس بار پڑھیں۔ کسی بھی مشکل کا سامنا ہو تو عزیمت کو داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر تحریر کر کے سو جائیں۔ حاجات پوری ہونگی۔

عزمت علیکم فتحون عافیثًا شفیقًا عطیشًا قدروًا یا قوم حاضرات انی ادعو کم ان اعلتمونی مالم الکن اعلم وانتم تعلمون منھا بقدر معلوم بحق سلیمان ابن دائود علیھا السلام۔

○ اس نقش کو رات 9 بجے کے بعد خاموشی کے عالم میں لکھ کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر مصلا کے نیچے رکھیں اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور ایک ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھیں۔ اول ہی شب میں تمام حال معلوم ہو جائے گا۔ نیت درست رکھیں۔

۵۶	۵۱	۵۸
۵۷	۵۵	۵۳
۵۲	۵۹	۵۴

○ جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد سونے کے وقت باوضو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس شعر کو پورا تین سو بار پڑھیں اور اپنے تمام بدن پر دم کریں اور اسی طرح سے تین روز اس نیت سے کریں کہ جس کام کا میرا ارادہ ہے۔ یا جس عمل کا ارادہ ہے وہ کس طریق سے ہو گا؟ کیا کروں کہ اپنے مطلب کو پہنچوں۔ کامیابی ہو گی۔

شعر

هو الحبيب الذى ترجى شفاعته
لكل هول من الاهو ال مقتحم

○ جب کوئی بات دریافت کرنی ہو تو بوقت ۹ بجے وضو کر کے اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر ان الفاظ کو لکھ کر سو جائیں۔ جو حال ہو گا رات کو ظاہر ہو جائے گا۔

هب من هب من هب من هب من

○ پڑھنے کے وقت خوشبو لگا کر کپڑے صاف پہنیں اور ۱۳ بار درود شریف پڑھ کر سوتے وقت سر کے نیچے اس نقش کو رکھ کر سو جائیں۔ تمام احوال رات کو ظاہر ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے۔

○ اول دو رکعت نماز پڑھیں۔ پھر سات بار درود شریف پڑھ کر اس دعا کو پڑھیں۔

سوتے وقت دعا پڑھتے ہوئے منہ قبلہ کی طرف ہونا چاہئے۔ مجرب ہے۔

الذى باركنا حولة لنريه من ايتنآ انة هو السميع العليم

○ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو اس کو کاغذ پر باوضو ۱۲ بجے لکھ کر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی میں باندھ کر دعا مانگیں اور سو جائیں۔ تمام حال خواب میں روشن ہو جائے گا۔

احوم	الطاهر	مسطاهر ٢٥	مسرور ٥٥	الملا ٦٥
اقوا ٧٥	قادر ٨٥	اركين ٩٥	علم ١٠٠	

○ جن ملائک وموکلان وسلاطین کی حاضری کے لئے نماز عشاء بوقت خفتن باوضو پانصد مرتبہ پڑھ کر سو جائیں مجرب ہے۔

انا للعبد الرحم من اخيه ومن ابويه فاطلبنى تجدنى

○ فاتحہ یکبار چہار قل سہ بار و کلمہ سوم سہ بار سبحان الله والحمدلله ولا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم اور آیت الکرسی تا خالدون تین دفعہ پڑھیں۔ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ۔ اکتالیس بار پڑھیں اور اپنے ہر سہ عضو کو شر سے محفوظ رکھیں یا بدوح پڑھ کر صبح و شام اپنے اوپر دم کریں۔ آزمودہ ہے۔

○ دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں۔ پہلے نیت نماز باندھیں۔ وہ یہ ہے۔ دو رکعت نماز استخارہ منہ طرف خانہ کعبہ حاضر وقت برائے مطلب فلاں۔ پہلی رکعت میں پہلے سبحانک پڑھ کر بعد میں الحمد کی بجائے ال حم پڑھ کر شروع کریں اور پڑھتے جائیں جب ایاک نعبد پر پہنچیں تو بجئ ایاک نعبد پہلی مرتبہ پڑھیں پھر صرف ایاک نعبد وایاک نستعین ۳۶۰ دفعہ پڑھیں۔ اور اس میں اگر مونڈھا دائی طرف پھرے تو سمجھیں کہ مطلب ہو جاوے گا اور اگر بائیں جانب کا مونڈھا پھرے تو سمجھیں کہ مطلب نہیں ہو گا اور پھر نماز ختم کریں اور

پھر دوسری رکعت میں بھی پہلی دفعہ کی طرح ۳۶۰ دفعہ پڑھیں اور مونڈھا کی طرف خیال رکھیں اگر اس نے پہلی دفعہ حرکت کی دوسری طرف بھی حرکت کرے گا اور اگر نہ ہلیں تو کام میں دیر ہے۔

○ بعد از نماز عشاء دو رکعت نفل استخارہ پڑھیں جس میں پہلی رکعت میں ایک بار الحمد شریف تین بار قل شریف دوسری رکعت میں بھی الحمد شریف ایک بار قل شریف تین بار پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد انما امرہ سے لے کر کن فیکون تک (سورہ یسین) تین سو بار پڑھ کر اپنے بستر پر سو جائیں صبح بعد نماز فجر متذکرہ طریق سے ہی دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور مالک یوم الدین علے الحساب پڑھتے رہیں خود بخود منہ پھر جائے گا اور کوئی بشر آ کر پوری خبر کان میں دے گا۔

○ الھم یا خبیر اخبرونی من الاسقرار و الغیب رات کو سوتے وقت پڑھیں۔ مخبر خبر دے گا۔

○ ۷۸۶ اول درود شریف ۱۱ بار بعد میں یا محبوب سبحانی شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ حاضر مدد کن بحق محمد بن اللہ ۱۱۱ بار نماز صبح سے پہلے دو نفل برائے غرض پڑھیں۔ بعد میں نماز صبح گزاریں اور کلام مذکورہ کو پڑھیں۔ پتہ لگ جائے گا۔ دائیں جانب پھرے تو مطلب پورا ہوگا۔ بائیں جانب نفی ہو گی۔ ہر وقت پڑھ سکتے ہیں۔ بے شک رات، صبح، دوپہر پڑھیں۔ رات کو سو جاویں۔ تب بھی مخبر خبر دے گا۔

○ پہلے تین سیپارے یا آخری تین سپارے معہ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر حضور سیدہؓ کے روح مبارک کو بخشیں۔ اس میں وقت کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ بعد ایام تین یوم تسبیح کو واسطہ حضرت سیدہؓ کا دے کر تین دفعہ قل شریف پڑھیں۔ اور پھر جو بات دریافت کرنی ہو کریں۔ (ایک

پارہ روز پڑھیں) اگر تسبیح سامنے کی جانب ہلے تو کام ہو جائے گا اور اگر دائیں بائیں چلے تو کام نہیں ہوگا۔

○ دنیا کے کسی کام میں آپ کو تشویش ہے اور آپ فیصلہ نہیں کر سکتے کہ کام کیا جائے یا نہیں تو ذیل کے نقشے سے حالات معلوم کرو یہ ایک روحانی استخارہ ہے اگر آپ اس پر عمل کریں گے تو نفع پائیں گے طریقہ یہ ہے کہ ذیل کے نقشے پر آنکھیں بند کر کے انگلی رکھو جس حروف پر انگلی پڑے اس حرف کو چھوڑ کر آگے کے حروف سے چار چار حروف چھوڑتے ہوئے پانچواں حرف لکھتے جاؤ جب یہ نقش ختم ہو تو جو ایک یا دو حروف باقی رہیں ان کو جدول اول حروف میں شامل کر کے اسی طرح پانچواں حرف لکھتے جاؤ یہاں تک کہ اس حرف پر آ جاؤ جس پر انگلی پڑی تھی مگر یہ حرف پہلے حرفوں پر مقدم ہے اب حروف کو جوڑ کر عبارت بنالو جواب صاف برآمد ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

ت	ک	ا	ی	ا	م	س	س	ھ	س
ی	ی	م	ف	م	ھ	ک	ی	ک	ی
ک	د	ن	ر	ن	ا	ش	ف	غ	ن
م	ر	ا	ل	ف	ج	ی	ء	ط	ع
ل	ک	د	ھ	ض	د	ن	ھ	ے	ر
ش	ک	ت	ا	د	ر	ر	د	س	ر
د	د	ض	م	ھ	ع	خ	ر	ی	ے
ک	د	و	ن	م	ر	د	ر	س	گ
ر	ک	ھ	ر	ر	د	ر	ے	ا	ک
ب	د	ل	س	د	ح	پ	ی	ر	ش

ک	د	ک	ن	ش	م	ر	ن	ق	ا
خ	ا	چ	ص	د	د	ف	ن	ا	ر
ا	ا	و	ن	ر	ن	ء	ڈو	ھ	ج
ف	و	ن	ے	ت	ع	ھ	ک	چ	ی
ھ	ھ	ی	ھ	ا	و	و	ب	د	ط
گ	گ	ع	ژ	ھ	ا	ا	د	د	د

جادو کی حقیقت

سحر کے لغوی معنی امر مخفی اور پوشیدہ چیز کے ہیں اور اسکی حقیقت اٹل ہے۔ اسکی تین اقسام ہیں۔ سحر علوی جس میں کواکب وسیارات کی قوتوں سے استمداد کی جاتی ہے۔ سحر سفلی جس میں جنات وشیاطین کی ارواح مسخر کی جاتی ہیں اور سحر قلبی جس میں انسان حواس خمسہ کے ذریعہ قوت وقدرت حاصل کرتا ہے۔

قلب حرکات کا سرچشمہ اور جملہ کائنات کا مرکز ہے۔ یکسوئی قلب یعنی حرکات خمسہ کی پختگی تصور سے اور تصور اجتماع تخیل سے حاصل ہوتا ہے۔ جبکہ روحانی قوت جو ایک نعمت مترقبہ ہے حرکات خمسہ تخیل، ظن، ترغیب اور ارادہ وفعل کے بہترین نتائج سے حاصل ہوتی ہے لیکن یہ اس خدائے مطلق کی مرضی کی تابع ہے جس نے اس دنیا میں لاتعداد حقائق پیدا کیے جن میں سحر یا جادو بھی ایک حقیقت ہے جسے تقریبا تمام مذاہب بشمول اسلام کے علماء حق تسلیم کرنے کے باوجود اسے موثر بالذات سمجھنا اور اس کی تعلیم دینا یا حاصل کرنا کفریات میں شمار کرتے ہیں کیونکہ اس کی وجہ سے بہت سے فتنے ظہور میں آجاتے ہیں جو عموماً خلق خدا کے لئے ضرر رساں بنتے ہیں۔

(۱) سحر علوی

اس سحر کے ذریعے کواکب وسیارات کی قوتوں سے استمداد کرتے ہوئے قوت وقدرت حاصل کی جاتی ہے اور عالم میں ہوشربا کرشمے اور طلسمات بنا کر دیگر جاندار جنس کو اپنا مطیع ومنقاد بنایا جاتا ہے۔

(۲) سحر سفلی

اس سحر کے ذریعے انسان جنات وشیاطین کی ارواح کو مسخر کرکے ان کی قوت وطاقت سے قدرت حاصل کرتا ہے اور ہمزاد وموکلین کے ذریعہ حاجت روائی کرتا ہے۔

(۳) سحر قلبی

اس سحر کے ذریعے انسان خود اپنے دھیان اور حواس خمسہ کی قوتوں کو دماغ میں مجتمع کرتے ہوئے ایک ایسی قوت وقدرت حاصل کرتا ہے جس سے لوگوں کی نظر پر پابندی عائد کرسکتا ہے۔

ارواح کی تسخیر:

سحر کے ماہرین کے مطابق سحر کلدانی بہت ہی مشکل ہے۔ اس جادو میں تمام ارواح کی تسخیر ہوتی ہے۔ اس سحر کی پندرہ شرطیں ہیں اور اگر ان میں سے کسی بھی شرط کے خلاف ذرا بھی بدعقیدگی پیدا ہوجائے تو سارا کام بنا بنایا بگڑ جاتا ہے۔ روحانیات کواکب کی تسخیر کا پہلا طریقہ وعمل تسخیر قمر کا ہے اور تسخیر قمر کی دعوت میں جو کلام پڑھا جاتا ہے اس کا تحریر کرنا ہی مناسب نہیں ہے۔

اہل بابل ہاروت وماروت کی تعلیم کو مدنظر رکھتے ہوئے تسخیر روحانیات علویہ، سفلیہ، جسمانیہ کرتے تھے اور زمانہ قدیم میں ہندوستان میں بھی سحر اہل بابل کا رواج تھا۔

جن وشیاطین کی تسخیر:

اس دوسری قسم کے سحر میں بھوانی، ہنومان، کالی، بھیروی، لونا چماری اور مختلف دیوی دیوتاؤں کی دہائیاں دے کر ان کے جائے وقوعہ پر خوشبو جلا کر، دھونی دے کر، بھینٹ چڑھا کر کام لیا جاتا ہے۔

اروح خبیثہ کی تسخیر:

کلام شیاطین کے ذریعے کسی خبیث قوی الجثہ شخص کی روح کو تسخیر کر کے اپنے تابع کیا جاتا ہے اور ان سے مثل نوکر کام لیا جاتا ہے۔

سامری جادو:

اس سحر کے ذریعے معمولی سے معمولی چیز بھی ہولناک صورت میں دکھائی جاتی ہے۔ اس قسم میں ارواح خبیثہ سے اور شیطان کے ناموں کی دہائی دی جاتی ہے۔

شعبدہ بازی:

اس قسم سحر میں لوگوں کو عجیب وغریب نظارے دکھائے جاتے ہیں۔

سحر کی علامات

O پیار کرنے والے میاں بیوی میں محبت والفت سے زندگی گذارنے کی بجائے ایک دوسرے کی شکل سے بھی بیزار ہو جاتے ہیں۔ اور عورت کو شوہر کی شکل مثل کتے اور خزیر کے نظر آنے لگتی ہے۔

O مرد اپنی بیوی بچوں سے نفرت وبغض کرنے لگتا ہے اور سمجھانے والے کو بھی دشمن سمجھتا ہے۔

O دودھ دینے والے جانوروں کا دودھ سوکھ جاتا ہے بچہ مر جاتا ہے دودھ پینے والے بیمار ہو جاتے ہیں۔ جانور جوڑوں کے درد میں مبتلا ہو کر گھاس کھانا چھوڑ دیتے ہیں اور بالآخر مر جاتے ہیں۔

O بچہ پیٹ میں بے وقت ضائع ہو جاتا ہے نومولود اور شیر خوار بچے سو کر مر جاتے ہیں۔

O لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں اور مائیں نرینہ اولاد کو ترس جاتی ہیں۔

O مرد کی مردانہ قوت کو باندھ دیا جاتا ہے۔

دلہن کو اپنے شوہر سے سخت نفرت کرنے لگتی ہے۔

O مرد خاص طور جوڑوں کے درد میں مبتلا ہو کر بیکار ہو جاتا ہے۔

O عورت کے پیٹ میں اور سر میں پانی پیدا ہو جاتا ہے۔

O عورت رنگ بدلنے لگتی ہے اور اسکی شکل وصورت بھیانک ہو جاتی ہے۔

O عورت کو باندھ دیا جاتا ہے اور عورت بانجھ ہو جاتی ہے۔

O روزگار باندھ دیا جاتا ہے۔ جس سے آئے دن نقصان کا سامنا رہتا ہے۔

O رشتہ ازدواجی منقطع کر دیا جاتا ہے۔

O کسی گھر کو ویراں و برباد کر دیا جاتا ہے۔ ہر وقت دن، جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔

O کسی شخص کو بھی شدید بیماری میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔

O کسی بھی شخص کو ذلیل کر دیا جاتا ہے ہر کوئی ان سے بلاوجہ نفرت کرنے لگتا ہے کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

O کسی افسر، حاکم یا ملازم کا تبادلہ یا پھر عہدہ سے ہٹا کر فقیر و کنگال بنا دیا جاتا ہے۔

O عورتوں کو اجاڑ کر رکھ دیا جاتا ہے نکاح منقطع ہوتے رہتے ہیں۔

O خوبصورت حسین عورت کے حسن و جمال کو خراب کر دیا جاتا ہے اور ذلیل و خوار ہو جاتی ہے۔

O تعمیر شدہ مکان کو اجاڑ دیا جاتا ہے اس مکان میں جو بھی کوئی بھی آتا ہے جلد چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔

جادو کرنے کے طریقے

علوی یا سفلی جادو کرنے کے بہت سے طریقے رائج ہیں۔

O کھانے پینے کی چیزوں میں کوئی سفلی عمل کر کے چیز کسی کو کھلا پلا دی جاتی ہے

جو جسم میں داخل ہوتے ہی اپنا اثر دکھا دیتی ہے۔ ایسے جادو کی کاٹ قدرے دشوار ہوتی ہے۔

O بال، ہاتھوں، پیروں کے ناخنوں یا پھر استعمال شدہ کپڑے کے ذریعے کوئی عمل کیا جاتا ہے۔ تینوں چیزیں دستیاب نہ ہونے کی صورت میں پاؤں تلے کی مٹی حاصل کر کے اس میں مردہ گھاٹ کی مٹی کے علاوہ گندے اور سفلی عمل سے تیار کی ہوئی چیزیں ملا کر ایسی جگہ انہیں دبا دیا جاتا ہے جہاں سے سحور کو روزانہ گزرنا ہوتا ہے۔

O گھر کی چوکھٹ پر کوئی چیز گڑوا دی جاتی ہے گھر کے صحن میں کوئی ہانڈی دبا دی جاتی ہے۔ کسی قبرستان میں کوئی پتلہ دبا دیا جاتا ہے۔

O جانوروں کی ہڈیوں پر گردوں، کلیجی اور خون کے ذریعے عمل کیا جاتا ہے۔

O مرچ، ہلدی، دھنیا، آٹا، ترکاری، پھل وغیرہ پر سفلی عمل کر کے اس کے گھر بھجوا دی جاتی ہیں۔

O سفلی اور گندے عمل کے ذریعہ جسے چوکی چھوڑنا بھی کہا جاتا ہے۔ علم کے ذریعہ ہانڈی مخصوص راتوں میں روانہ کی جاتی ہے۔

O جنات کے ذریعہ جادو کرانے کی روش بہت پرانی ہے۔ عامل جنات کے ذریعہ دوسروں پر سفلی اور علوی حملے کر کے ان کی زندگی اجیرن کر دیتے ہیں۔ ایسی صورت میں جب عاملین مریض کا علاج کرتے ہیں تو انہیں بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سحر سے محفوظ رہنے کے طریقے

O جادو معیادی ہو یا غیر معیادی علاج بروقت کروانا چاہئے تاکہ متاثرہ شخص خطرے سے نکل آئے۔

O اپنے بالوں، اپنے کنگھے کی اپنے ناخنوں کی اپنے استعمال شدہ جوتوں اور کپڑوں کی اپنی استعمال شدہ ٹوپی کی اپنی فوٹو کی حفاظت کرنی چاہیے۔

O کسی جگہ سے آئی ہوئی چیز بالخصوص اگر وہ مشتبہ شخص نے بھیجی ہو بسم اللہ الرحمن الرحیم لا یضر مع اسمہ شئی پڑھ کر کھانی چاہیے۔

O نماز اور تلاوت قرآن پاک کی پابندی رکھنی چاہیے۔

O نماز صبح اور نماز عشاء کے بعد اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام "یا قبض" 33 مرتبہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

O جادو اور بندش کی صورت میں اسم باری تعالیٰ "یاممیت" سات ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پی لیں اور اپنے گھر والوں کو بھی پلائیں۔ جادو کے اثرات سے بھی نجات مل جائے گی۔

O گھر کو جادو سے پاک راحت وسکون کا گہوارہ بنانے کے لئے چالیس روز تک روزانہ صبح دس بجے اسم باری تعالیٰ "الرقیب" 1248 مرتبہ اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد روزانہ سو مرتبہ رات کے کسی حصے میں "یارقیب" پڑھ لیا کریں۔

O کاروبار کی بندش کھولنے کے لئے چالیس روز تک دکان کھولنے اور بند کرتے وقت ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور دکان کھولنے کے بعد اکیس مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھیں۔ چالیس دن کے بعد آیت الکرسی والا عمل جاری رکھیں اور سورہ الم نشرح والا بند کر دیں۔

o معیادی جادو کے علاج کے لئے بسم اللہ کے چار نقش گلاب و زعفران سے لکھیں ایک نقش کالے رنگ کے کپڑے میں باندھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں دوسرے نقش کا پانی صبح و شام مریض کو اکیس روز تک پلائیں تیسرا نقش فریم میں کرا کر موزوں جگہ آویزاں کریں جبکہ چوتھا نقش مریض کے سرہانے باندھ دیں۔

o اپنی حفاظت کے لئے چالیس روز تک بعد نماز مغرب اکیس مرتبہ سورہ عبس پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں جادو آپ کے اوپر اثر انداز نہیں ہوگا اگر خدانخواستہ جادو اثر انداز ہو چکا ہو تو بعد نماز مغرب تین مرتبہ اسی سورۃ کی تلاوت کریں اور تیسری مرتبہ اپنی ٹوپی اُتار کر اس انداز سے بائیں جانب زمین پر پٹخ دیں کہ آپ نے جادوگر کو پٹخ دیا ہے ٹوپی پھینکنے کے بعد بائیں جانب تھوڑا سا تھوکیں اور سات مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم فارجعوا کل اکیس مرتبہ سورہ عبس پڑھیں اور سات مرتبہ ٹوپی پٹخیں اور 49 مرتبہ فارجعوا پڑھیں مسلسل ایک ہفتے تک عمل کریں۔ جادو، جادوگر کی طرف لوٹ جائے گا۔

o اگر کوئی مرد اپنی بیوی سے نفرت کرتا ہے تو طالع حمل میں مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر اگر بتی کی دھونی دے کر عورت کے گلے میں ڈالیں۔
فلما راینہ اکبرنہ الی قولہ کریم اور فلما القوا قال موسیٰ ماجئتم بہ السحر الی قولہ تعالیٰ المجرمون۔

o اگر بیوی کو اپنا شوہر کتا یا خنزیر نظر آتا ہو سات کھجور یا انجیر پر اسماء قمر لکھ کر کھائے اور اپنے گلے میں سورۃ یوسف زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر ڈالے۔

o جس کنواری لڑکی کا کہیں سے رشتہ نہ آتا ہو تو اس کیلئے مکمل سورۃ رحمٰن جمعہ یا

پیر کے دن ایک کاغذ پر لکھ کر اس کے نیچے لڑکی کا نام مع والدہ کے نام کے ساتھ یہ عبارت سات بار لکھیں۔

یاجماعة الرجال سلبت عقولکم کتسلیب و القیت علیکم محبة و عطفا و حنان و تخیلا و عشقا لاطاقة لکم بالجلوس ولا للقعود حتی یتزوجها احدسکم والطلت تعطیلها ولان یتزویجها یا ھلعاتیه حرکوا الارواح الروحانیة السلکنة فی قلوب الاجنین فینتظر والی فلانة فیصرفها فی اعینهم کالشمس المنیرة اوکنتظر زلیخا یوسف علیه السلام۔

اس کے بعد ساعت عطارد میں آیت بطلان السحر قال موسیٰ ماجئتم بہ السحر آخر تک لکھ کر غسل کے پانی میں ڈالیں ایک ہفتے کے اندر اندر شادی ہو جائے گی۔

o اگر کوئی مرد اپنے گھر والوں سے نفرت کرتا ہو تو عسی اللہ ان یجعل بینکم رحیم تک اور آیت بطلان السحر سات مرتبہ کسی برتن پر لکھیں اور اسے بارش کے پانی سے دھو کر پانی مرد کو پلائیں۔

o اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو سورہ واقعہ ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اتنے لمبے دھاگے کے ساتھ ڈالیں کہ وہ تعویذ ناف پر پڑا رہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام اور آیت بطلان سحر کسی برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر عورت کو آفتاب طلوع ہونے کے وقت سات دن تک پلائیں اور اس کے سر پر آیت بطلان سحر ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

o اور جس عورت کے ہاں صرف لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو سورہ نجم کسی برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی سے بدھ کے دن غسل کرائیں اور اس

کے سر پر پوری سورہ انبیاء اور آیت بطلان سحر اور اسماء قمر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

O اگر دلہن دولہا سے نفرت کرتی ہو تو ایک کاغذ پر سورہ یوسف لکھیں اور آیت فلما راینہ اکبرنہ سات مرتبہ لکھیں اور اس کتابت کو اس کے سر پر ماریں پھر کسی چیز پر من کل شئی خلقنا O زوجین اثنین لعلکم تذکرون تک لکھ کر کھلائیں۔

O اگر کوئی عورت ہمبستری سے نفرت کرتی ہو تو ستر مرتبہ امراۃ نوح وامراۃ لوط کانتا تحت عبدین من عبادنا صالحین لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی کو شہد سے میٹھا کر کے سات دن تک پلائیں۔

O بارہ دانہ سرسوں پر ۱۱ مرتبہ اور چار عدد کیلوں پر ۷ مرتبہ ہر ایک کیل پر سات مرتبہ پڑھ کر کیلوں کو مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں اور سرسوں کو چاروں کونوں میں دفن کر دیں اور قدرے قدرے پانی چھڑک دیں تمام بلیات سے محفوظ رہے گا۔

دھہ حصار ستر حصار سانٹھ کوٹ باون تلوار اگل
کھائی اگن پچھلی کھائی اگن پچھلی کھائی پون کر تھا
ایک سو لاکھ انبار اس مکان کے کت کی پندکی کریں
رکھوال۔

O درج ذیل نورانی حروف صحیح طور پر لکھ کر مریض کے سامنے کردیے جائیں اور روشن کیے جائیں تو آسیب دفع ہو جائے گا۔

۸۲۱۱

O اگر کوئی شخص اس عزیمت کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے گا۔ جادو، دیو، پری اور خبیث، آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ عزیمت مذکور یہ ہے۔

ط ۱۸۸۱۵

ح ۱۱۱ وامرہ مرلا اط ط وار یا حافظ ۱۱

یاحی یاقیوم لوانزلنا هذالقران علی جبل لرایته خاشعا
متصدعا من خسية الله وتلك الامثال نضربها للناس
لعلهم يتفكرون اللهم اشغف س له البلا لصاحبه بحق
ونزل من القرآن ماهوشفاء ورحمته للمومنين ولا يزيد
الظالمين الاخسارا كهلا كهلا ارحم ترحم ترحم ترحم
عقدتم فرقيس فرقيس العجل العجل.

O بچوں کو دیو، پری، ام الصبیان اور ایسے ہی دوسرے مہلک امراض سے محفوظ رکھنے کے لئے یہ نقش معظم لکھ کر بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ بچہ محفوظ رہے گا۔

- اگر کسی قسم کے جادو کے اثرات ہوں وہ اس کلام الٰہی کے پڑھنے سے دور ہو جائیں گے تین مرتبہ اعوذ باللہ مکمل کے ساتھ بسم اللہ مکمل پڑھنے کے بعد 21 بار قل اعوذ برب الناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

- اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت ننگے پیروں زمین پر کھڑے ہو کر تین مرتبہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پوری پڑھیں اور پڑھ کر اپنے پیروں کے نیچے مٹی لے کر ایک سلگتی ہوئی انگیٹھی میں جلادیں۔

دیویوں، دیوتاؤں اور ارواح کو مسخر کرنے کے منتر

گائیتری دیوی

منتر:

اوم، بھور، بھوا، سواہا، تت، تیرورینیم، بھرگو، دیوسیہ، دھی مہی، دھیو یونا، پرچو دیات، سواہا

اس منتر کے ذریعے گائیتری دیوی کو سدھ کیا جا سکتا ہے جو ایک نہایت
پاوتر دیوی مانی جاتی ہے۔ ہندو عقیدہ کے مطابق یہ دیوی کمل کے آسن پر براجمان
ہے اور اس دیوی کے آٹھ ہاتھ ہیں اور اس دیوی نے نہایت عمدہ کپڑے اور زیور
پہنے ہوئے ہیں اور یہ دیوی نہایت خوبصورت ہے۔ یہ دیوی ہر ایک کی دلی خواہش کو
پورا کرنے والی جگت ماتا ہے۔

گائیتری مہا ودیا سے 84 طرح کے مہانیوگ سادھنوں کا انوبھو ہوتا ہے۔
گائیتری بھگوان کا ناری روپ ہے۔ بھگوان کی دیوی کے روپ میں اپاسنا کرنے سے ان
کی خاص کرپا پراپت ہوتی ہے۔ گائیتری کو بھولوک کی کام دھینو کہا گیا ہے۔ کیونکہ اس
سے آتمک شکتی بہت ہی بلوان ہو جاتی ہے۔ گائیتری کو (سدھا) کہا گیا ہے۔ کیونکہ یہ جنم
مرن کے چکر سے چھڑا کر مکتی دیتی ہے۔ اس کو کلپ برکش بھی کہا گیا ہے۔ کیونکہ اس کی
چھایا میں بیٹھ کر منش ان سب کا مناؤں کو پورن کر لیتا ہے جو کہ اس کی ضروریات زندگی
میں ضروری ہوتی ہیں۔ شردھا اور پریم سے گائیتری دیوی کی شرن لینے سے ہمیشہ کلیان اور
سکھ پراپت ہوتا ہے۔ گائیتری کو برہم استر کہا گیا ہے۔ کیونکہ گائیتری جاپ کبھی بھی
نشپھل نہیں جاتا۔

گائیتری دیوی کا جاپ کرنے کے لئے صاف وشفاف اور پاک جگہ پر اس کی
مورتی سامنے رکھ کر کشا کا آسن جمائیں اور اپنا منہ شمال کی طرف کر کے چوکڑی لگا کر
بیٹھ جائیں ایک جل کا لوٹا اپنے پاس رکھیں۔ گائیتری دیوی کو پرنام کریں اور پھر مورتی پر
توجہ مرکوز کر کے سنکلپ کریں کہ "اے دیوی ماتا! میں اپنے پرن کے مطابق روزانہ اس
وقت پر آپ کو یاد کیا کروں گا اور آپ کا اس قدر جاپ روزانہ کیا کروں گا۔"

سنکلپ کرنے کے بعد گائیتری دیوی کی مورتی کو اشنان کرائیں کپڑے
پہنائیں۔ ماتھے پر تلک لگائیں اور اس کے آگے پھل و پھول، پان سپاری وغیرہ رکھ کر گھی
کی جوت جلائیں اور پھر رودراکشی کی مالا لے کر اس دیوی کے سامنے بیٹھ کر گائیتری منتر کا
جاپ کریں۔ یہ جاپ دس ہزار سے شروع کر کے ہر روز مسلسل ایک ہزار منتر کا اضافہ
کرتے جائیں۔

درگا دیوی

منتر:

کالی کالی مہاکالی اندر کی پتری برھما کی سالی چابے
پانی بجاوے تالی پشد کر بسے کرالی پیو پیالہ رہے
متوالی برھما کی سالی پھرو منتر پھرو باچا میرے کا
شید سانچا

درگا دیوی سنہری رنگت کی خوبصورت اور نرم وگداز دیوی ہے۔ اس کے دس بازو ہیں۔ ایک ہاتھ میں برچھی پکڑ رکھی ہے جس سے وہ مہیش دیوی کی پٹائی کر رہی ہے۔ بائیں بازوؤں کے ایک ہاتھ میں سانپ کی دم پکڑ رکھی ہے اور دوسرے ہاتھ سے جن کے بال پکڑ رکھے ہیں اور جن کے سینے پر سانپ کاٹ رہا ہے۔ بقیہ ہاتھوں میں مختلف ہتھیار ہیں۔ شیر کی سواری کرتی ہے اور شیر نے اپنی [illegible] جھکا رکھی ہے۔

درگا دیوی کے کئی روپ ہیں۔ جن میں کالی ماتا کا روپ بھی ہے۔ جسے زندگی کے تاریک پہلوؤں سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ یہ سیاہ فام ہے۔ اس کے چار ہاتھ ہیں ایک میں تلوار پکڑ رکھی ہے۔ دوسرے میں اس دیو کا سر ہے جسے اس نے قتل کیا وہ باقی دو ہاتھوں سے اپنے پجاریوں کی خواہشات پوری کرتی ہیں۔ اس کی زبان منہ سے باہر نکلی ہوئی ہے۔ اس کی آنکھیں سرخ ہیں اور اس کے چہرے اور سینے پر خون کے دھبے ہیں۔ کلکتہ کے کالی گھاٹ پر آج بھی اس کے نام پر بکرے اور بکریاں بھینٹ کی جاتی ہیں۔ یہ ایک خوفناک دیوی ہے۔ اور اس کے کئی روپ ہیں ہندو مذہب میں اس دیوی کی پوجا مختلف طریقوں سے کی جاتی ہے۔

اس دیوی کے درشن کے لئے درج ذیل اشیاء کے ہمراہ اکیس روز تک مسلسل دریا یا سمندر پر جانا ہوگا۔ ایک بڑی مٹی کی ہانڈی جس میں اصلی گھی کا چراغ رکھا ہو۔ آٹھ لونگ، دو چھوٹی الائچی، پانچ عدد بتاشے، پانچ گلاب کے پھول، ایک پان کا بیڑا، تھوڑے سے ابلے ہوئے چاول اور جوار کریاں۔

رات بارہ بجے کے بعد حصار باندھ کر اور اگربتی جلا کر اس منتر کا ایک سو آٹھ مرتبہ 21 روز تک جاپ کریں منتر کے دوران اپلوں کی آگ پر لوبان، بھبن اور برادہ صندل ڈالیں اور ساتھ ساتھ شراب بھی ڈالتے جائیں۔ اکیس روز بعد جب دیوی درشن دے تو پرنام کر کے حاضری کا طریقہ معلوم کریں۔ دیوی کے سدھ ہو جانے کے بعد آپ کی ہر خواہش فوراً پوری ہو جائے گی۔

کالی دیوی

کالی دیوی کے درشن کے لئے یہ منتر عروج ماہ میں یکم سے شروع کر کے نویں تاریخ تک ایک لاکھ کی تعداد میں پڑھیں پھر ایک ہزار منتر سے ہون کریں۔ دیوی درشن دے گی۔

منتر:

کالی مہا کالی کالی دونوں ہاتھ بجاوے تالی ہاتھ میں
گدا' ہاتھ میں ترشول' اگن کی باندھی نائو واچا کو
باندہ برمارکش' اچلکو پرنام کرو لاج رکھنے والی
کالی۔

کسی ویران اور پرسکون جگہ پر بیٹھ کر اگنی پر گوگل ڈالیں اور تھوڑا گھی چھڑکتے جائیں اور اس کے ساتھ گوگل' گھی' چاول' گڑ اور تلوں کو آپس میں ملا کر دو ہزار ایک سو اکیس گولیاں بنائیں ان میں سے ایک سو ایک گولیاں لے کر کالی دیوی کی مورتی کے آگے بیٹھ کر ہون کریں اور ہر گولی پر ایک دفعہ یہ منتر پڑھیں۔ اکٹھی گولیوں پر ہون نہ کریں جس روز عمل کا آغاز کریں۔ اس روز سے گوگل' سیندور' سات رنگ کی مٹھائی اپنے پاس رکھیں اکیس روز میں کالی دیوی درشن دے گی۔ اور زندگی کے ہر مشکل وقت میں کالی دیوی تمہاری مددگار رہے گی۔

منتر:

کالی کالی مہا کالی مدھبہ مانس پھرے منوا جی مدو کے
سامنے باجے تالی برھما کی بیٹی اندر کی سالی ادھی لیا
نرماتا رتھ' چل سوتی کو جگائے لائو بیٹھی کو اٹھائے

لائو میرا دھری تیبرا بھیکم سندری سواھا سدھ آئی'
مدھ آئی' چکھو آئی روھی سدھی سبان حال اٹھ چال
چلے نہیں تو برھما وشنو کی دھائی۔

کالی دیوی کے درشن کے لئے اتوار کی رات بارہ بجے 101 مرتبہ روز چالیس
دن تک آگ پر دھوپ کافور لونگ سیندور شراب کی دھونی رما کر چالیس روز پڑھیں۔
چالیس روز میں منتر سدھ ہو جائے گا۔ جب بھی سات مرتبہ منتر پڑھ کر دھونی دی جائے
گی۔ کالی آ کر درشن دے گی اور دلی خواہش پوری کرے گی۔

منتر:

کالی کنکالی سورت کی متھیا مسان جگت کلناتی کھائے
کلیجہ بھونے آتی آتریا بھائے کلیجہ کو پھاڑ خون کو
بھائے آدھ گھڑی کو بھیجوں تو پائو گھڑی میں تو
کالی کا پتر بھیروں کھلائے اگر میرے بچن بلچا سے
ھٹ جائے تو اپنی بھن بھانجی کے سیج پر پائوں دھرے
دوھائی مھا دیو۔

کامتا دیوی

کامتا دیوی کے درشن کے لئے پاک صاف لباس میں پرسکون ماحول میں بیٹھ کر کامتا دیوی کی مورتی کے سامنے خوشبویات کی دھونی میں شیرینی سامنے رکھ کر 41 یوم تک روزانہ 101 بار اس منتر کا جاپ کریں۔ منتر سدھ ہونے پر جب بھی ایک پھول والے کٹورے میں رکھی شیرینی پر یہ منتر پڑھ کر گیارہ سالہ لڑکے کے سامنے رکھا جائے گا۔ کامتا دیوی درشن دے گی۔ اور سب کام کرے گی۔

منتر:

اوم نموتلائے تخت ملن پیغمبر آوین کلمتا دیوی ستی
جلوین حضرت سلیمان پیغمبر ستی جاوین

ہنومان

وفاداری اور محبت کا درس ہنومان بندر کے کردار سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ جس نے رام کی مدد کی اور لنکا پار کرتے ہوئے راون کو شکست سے دوچار کیا جب لکشمن کو زہر میں بجھا ہوا تیر لگا اور اسے علاج کے لیے ہمالیہ کے پہاڑ اوشادھ سے جڑی بوٹی کی ضرورت درپیش تھی تب ہنومان نے شمال کی جانب پرواز کی اور مقصود پہاڑ تک پہنچنے کے بعد اسے معلوم ہوا کہ اسے مطلوبہ جڑی بوٹی کی شناخت نہیں ہے اور اگر وہ یہ جڑی بوٹی نہ لے جا سکا تو نہ صرف لکشمن بلکہ رام بھی نہیں بچے گا تو اس نے پورا پہاڑ اٹھا لیا اور لنکا آ پہنچا۔

ہنومان کو سدھ کرنے کے لئے شمشان گھاٹ یا کسی ویران قبرستان میں لوبان گوگل کا بخور سلگا کر ہنومان کو ذہن میں بٹھا کر اکیس روز تک ایک گھنٹہ اس منتر کو پڑھیں۔ اس دوران جتنے بھی اتوار اور منگل آئیں شام کو سوا سیر کا میٹھا پکا کر بھیروں کو بھوگ لگائیں اور منگل وار کو ہنومان جی کا برت رکھیں۔ اکیسویں روز شام کو بھوگ لگانے کے بعد بھوجن کریں۔ ہنومان جی اور بھیروں درشن دیں گے۔ جو آپ کی ہر خواہش کو پورا کرنے کی شکتی رکھتے ہیں۔

منتر:

اوم ست نام آدیش گرو کو اوم چلا تارا ایشور تارا
جھاں ھنومان مار ھکارا کالی بھیروں کالی رات کلوا
کالی رات چتوورت چت کراست مار پھل مار ھو بند مت
دیر حال آئو سدا گھڑی میں آئو جو کسی کا نہات
روھی لائو سیدھی لے آئو سوتی کا جگا لائو بیٹھی کو
انھائے لائو چلتی کو بلائے لائو منت منت ویر ھمارے
ڈھیل کرو گے تو سدا شبو کی دھائی ماتا انجنی کی
دھائی سیدھا دھرو گے تو بتیس دھار دودھ کی حرام
کرو گے میری بھکی گز کی شکتی چلو نشر ایشور واچا۔

O ہنومان کے درشن اور اُن سے کام نکلوانے کے لئے کسی منگل سے اس منتر کا خوشبویات کی دھونی میں پاک وصاف جسم ولباس کے ساتھ پاکیزہ اور پرسکون ماحول میں ہنومان کی مورتی کے سامنے اس منتر کا ایک سو ایک مرتبہ جاپ کا آغاز کریں اور بلا ناغہ چالیس روز تک جاری رکھیں منتر کے سدھ ہونے کے بعد بھی ہر منگل کو 21 بار گوگل دھوپ سیندور کی دھونی دیتے رہیں۔ سدھی کے بعد پھول والی تھالی پر 15 کا نقش لکھ کر نابالغ بچہ کو دکھادیں ہنومان حاضر ہوجائیں گے۔

منتر:

لال منہ کا باندرا لال پھل کھائے ھانك دیت ھنومنت عقل
نرپل ھوجات

O ہنومان کو سدھ کرنے کے لئے کسی ایسے مندر میں جہاں ہنومان کی پوجا ہوتی ہو سیندور کا چولہ جینڈ' کھڑاؤں لنگوٹ' دولڈو اور جھنڈا کا چڑھاوا چڑھا جائیں اور عمل کے دوران ہر ہفتے گڑ و چنے بچوں میں بانٹیں۔ پاک وصاف جسم کے

ساتھ منگل یا ہفتہ کو حصار باندھ کر عمل کو پڑھتے وقت سرخ رنگ کے کپڑے پہنیں اور ایک سو آٹھ دانے والی چندن کی مالا کو دس مرتبہ دہرائیں۔ اکیس روز بعد ہنومان درشن دیں گے۔ شاہانہ زندگی گزارنے کے لئے اس منتر کی جاپ اکسیر ہے۔

منتر:

اوم ھنومان پھلوان ورش بار با کا جوان ھاتھ میں دو
لڈو مکھ میں پان آئو آئو بابا ھنومان شبد سانچا پنڈ
کانچا پھرو منتر ایشور و واچا۔

O یہ عمل بھی ہنومان کے درشن میں بہت زود اثر ہے۔ ہنومان کے مندر پر مندرجہ بالا چڑھاوا چڑھائیں۔ ہر ہفتے بچوں میں گڑ اور چنے تقسیم کریں۔ لوبان و گوگل کی کا بخور سلگائیں۔ اکیس روز تک پاک وصاف جسم کے ساتھ ایک سو آٹھ دانے کی دس مالائیں جاپ کریں۔ اور پھر زندگی کے نئے رنگ دیکھیں۔

منتر:

ھنومان جاگ کلکاری مار تو ھنکارے رام کاج سنوارے
اوزھ سیندور سیتا میا کا تو ھری ھری اوم دوارے میں
بلائوں تو اب آرام گیت تو گاتا آنھیں آئے تو ھنومانا
تو راجہ رام سیتا میا کی دھائی منتر سانچا پھرے
خدائی۔

بھیروں

بھیروں کو سدھ کرنے کے لئے کسی گوشۂ تنہائی میں رات بارہ بجے کے بعد کیکر کے درخت کے نیچے حصار باندھ کر بیٹھ جائیں اور اس منتر کو روزانہ اکتالیس روز تک ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھیں۔ اس دوران گوگل، لوبان کا بخور روشن کر کے اس پر ہلکی ہلکی شراب ڈالتے جائیں

جب عمل ختم ہو جائے تو پیالہ بھر شراب درخت کی جڑ میں ڈال کر حصار کاٹ کر باہر نکل آئیں۔ عمل کے آخری ایام میں خوفناک اشکال کے ساتھ بھیروں خوفزدہ کرنے کی کوشش کریں تو مضبوط قوت ارادی کا مظاہرہ کریں۔ اکتالیسویں روز بھیروں حاضر ہوں گے جو ہر دنیاوی کام پل بھر میں کرنے کی شکتی رکھتے ہیں۔

منتر:

کالا بھیروں بگا بھیروں کیکر کنڈا جھاں رنگاراں
بھیروں تینوں آویں کھیل کھلنڈاں پنچھی نوں پر لگا
دیوے ھتّے وایت۔ کاوے نھاتی پل گزرے جھٹا پٹ منگا
لے سار کی منگلی لوہے کا کا' ں' ولگاراں بھیروں
تینوں وہیں حاضر ہو جاکھرا

0 ہنومان کے درشن کے لئے:۔ اتوار یا منگل کے روز رات گیارہ بجے کے بعد پاک صاف ہو کر مقررہ جگہ پر اس منتر کا روزانہ 1250 کی تعداد میں چالیس روز تک جاپ کریں۔

منتر:

اوم نمو آدیش گرو گا اوم رنگہ رنگہ رنگہ رنگہ رنگہ
رنگہ رنگہ رنگہ سول پون بنتھ تو ہی سوہنگ
سوہنگ سوہنگ سوہنگ سوہنگ سوہنگ سوہنگ
سوا سالسیس تترہ چستہ چستہ چستہ چستہ
چٹ پٹ پاتال سواھا پھستہ پھستہ پھستہ پھنستے
پھستہ پھستہ کرنتت ملتھا ویر کالپنکسہ

آدھی تعداد میں منتر پڑھنے کے بعد یہ پرارتھنا 625 بار پڑھیں۔ اس دوران گوگل وسیندور دونٹ لنگوٹ اپنے پاس رکھیں۔

پرارتھنا:

جھاں چلائوں تھاں چلو' کانتت امیر دھرتی گر جنت او
میگھ ہزار ہزار من کی شیلا' برسانتی چلو' نگر یدھا
مارتے چلا' چلا درخت اکھاڑ چلا' دشمن کو پاتال
کرتے چلا' شکل بھوت والوں پکڑتے چلا' شیس سانچا
رسنلکا باچالا' منتر ایشور رواج و اچار سو اچار برھم
و اچار شنو سواچا

0 بروز منگل شب بارہ بجے 101 مرتبہ روزانہ سات منگل تک دھونی گوگل کی دیکر پڑھیں اور منگل کو مہابیر کو سیندور لگائیں اور گھی کے دس لڈو پاس رکھے گندم گڑ ملا کر بندروں کو کھلائیں۔ منتر سدھ ہوگا۔ جب کام لینا ہو تو گوگل کی دھونی میں سات بار پڑھ کر اپنا کام کہہ دیں کام فوراً ہو جائے گا۔

منتر:

ہنومن ہنومن کود پڑے گز لنکا لنکا مار رام چندر کے
کاج ستوارے سب دیوتے کے سوداگر مکھ ھر کے کتار
کات کوت ست کھنڈ کھیں وھیں سمندر میں ڈال لوھے
کی کیل بجر کی جات چوکی ہنومان بیر کی ماتا
انجنی آرتی کرے جاگ جاگ ہنومان دوھائی ہنومان
کی دھائی رام چندر کی۔

O ہنومان کو سدھ کرنے کے لئے اس عمل کا آغاز منگل یا اتوار سے کرتے ہوئے تین ماہ تک ہر روز صبح سویرے یہ منتر ایک ہزار بار پڑھا جائے اور ہر منگل وار کو ہنومان کی مورتی کی پوجا کرتے ہوئے روٹ لنگوٹ کی نامدو، تیل سیندور، مورتی کے اوپر لگائیں تو ہنومان درشن دے کر دلی مراد پوری کریں گے۔

منتر:

اوم وانگ کنتاویر ہنومنت ھانك سورك میت پاتال
کمپ تینوں لوک کمب ایك ھاتھ میں وجر کھزگ ایك
ھاتھ میں سوا من کا گھوٹا پائو۔ جنتر جانگھ بجھنگا
جھناك، تھناتك، دیر دیر ہنومنت دیر آئو جائے پکڑ
چوٹی اس کی مار تھاپ سوا من کا روٹ ترت منگائو۔
پان پھول دیپ کھائے دیری ہوئے۔ تان پائون آن لگائو۔

O ہنومان کو سدھ کرنے کے لئے منگل کے روز ندی کے کنارے پر سکون جگہ پر ہنومان جی کی مورتی بنا کر اس کے روبرو اس منتر کا ایک سال میں بارہ لاکھ بار جپ کریں۔ ہنومان درشن دیں گے۔ بوقت مصیبت اگر اس منتر کو پندرہ بار پڑھا جائے ہنومان ہر طرح سے مدد کرے گا۔

منتر:

اوم ہنومانہ نھوسہ رام بھگتا ھرانگ ھرانگ ھرونگ
ھرونگ ھاھا سواھا

ہنومان کے درشن کے لئے اس عمل کا ماہ مگھر کے شکل پکھ کی دوج کی آدھی رات سے آغاز کریں اور اس منتر کا تین ماہ میں 13 لاکھ بار جپ کریں۔ ہنومان درشن دیں گے۔ اور تمام مرادیں پوری کریں گے۔

منتر:

جیوتی سروپ نیر ارام سوں کھو ہنومان کیدا بھیرو
ماتا انجنتی کاپوت مھاوشنو گورو اجیت گوترو درگا
پاٹھ گنگا گیتا گایتری نمہ

O ہنومان کو سدھ کرنے کے لئے منگل کے دن ہنومان کے مندر یا پھر بڑ کے درخت کے نیچے ہنومان کی مورتی بنا کر اس کے روبرو اس منتر کا 108 دفعہ جپ کریں۔ پھر سوا سیر کا روٹ ایک لنگوٹ اکیس عدد پان سپاری اور کنواری لڑکی کا کاتا ہوا سوت مورتی کے اوپر چڑھائیں۔ پھر اس منتر کا 108 بار جپ کر کے ناریل کا چڑھاوا چڑھایا جائے پھر اکیس یوم تک یکسوئی کے ساتھ ہر روز 108 بار جپ کریں۔ ہنومان جی درشن دیں گے اور بس میں ہوں گے۔

منتر:

اوم نمو ہنو منت دیر کمپ دھرتی چہ شریر مار مار ہنو
منت دیر ھاتھی منکھ مست گج چڑھا ھاتھی چڑھے تو
ہنو منت کھیلتا جو آوے مار کرتا جو پھر آوے وہ پاؤں
پڑتا آدمی شکتی کا تلك کرو تن تین بھون ہوں وش کر
دویس ہنو منت تیرا روپ کھنڈ گوگل راکھوں دھوپ
آسن بیٹھا سمرن کروں نکھ ورشتی باندھ دی موھے
بیرا ویری تیرا بیکھ بھیجا پھوڑ کلیجہ چکھ الٹ مار

پلٹ مار گھمنت مار پچھاڑ مار مار دیگ مار نہ مارے
تو ماتا انجنی کے سر پائوں دھر سواھا۔

○ کسی پر سکون ویران جگہ پر رات کے وقت لال لباس میں ملبوس ہر قسم کے لال سامان آرائش و آرام کے علاوہ ایک عدد پان، جس پر چھالیہ، کھتہ، بخور جلا کر ہنومان کو تصور میں رکھ کر چونا، لونگ، چھوٹی الائچی ایک عدد پھولوں کا ہار اور دو عدد لڈو لے کر آسن پر مندرجہ ذیل منتر کا 1003 مرتبہ جاپ رکھیں۔ اور تین دفعہ ایسے نمبر دیں گے کہ آپ کروڑ پتی بن جائیں گے یہ ایک دن کا عمل ہے۔ احتیاط بہت ضروری ہے۔

منتر:

ساتوں تارے ساتوں بھائی ساتوں کی پھری دوھائی
بانا کڑا جھاڑو آئی شری ہنومان جی کی دوھائی

گینش

گنیش شیوا کے بیٹوں میں سے ایک بیٹا ہے۔ لوگ عام طور پر اسے شیوا اور پاروتی کا بڑا بیٹا تصور کرتے ہیں۔ پاروتی کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ برہما شیوا اور وشنو کی آپس میں نگاہیں ٹکرانے کے باعث دوشیزہ کی شکل میں پیدا ہوئی اور تینوں زبانوں کی دیوی کہلائی۔ پاروتی کا مطلب پہاڑوں کی بیٹی ہے۔ اسے شیوا نے سیاہ فام ہونے کا طعنہ دیا تو وہ ناراض ہو کر جنگلوں میں چلی گئی ہندو گنیش کو حکمت و دانائی اور خوش قسمتی کا دیوتا مانتے ہیں اور ہر کام کی ابتدا اس کی پوجا پاٹ سے کرتے ہیں۔ ہندوستان میں یہ دیوتا مقبول عام ہے۔ اس کا سر ہاتھی کا ہے۔ جس کے بارے میں یہ داستان بیان کی جاتی ہے۔

''جب شیوا برس ہا برس کے بعد گھر لوٹا تو پہرہ پر موجود نوجوان نے اسے پاروتی کے کمرے میں نہ جانے دیا جس پر شیوا نے اس کا سر قلم کر دیا اور جب اسے معلوم ہوا کہ یہ نوجوان پاروتی کے بطن سے اس کا اپنا بیٹا ہے تو اس نے پاروتی کو مطمئن کرنے کے لئے اسے ہاتھی کا سر لگا دیا جس سے پاروتی خوش نہ ہوئی۔''

O گنیش مہاراج بڑی شکتی کے مالک ہیں۔ ان کو سدھ کرنے کے لئے ان کی مورتی کو پانچ پانیوں سے اشنان کرائیں۔ 108 مرتبہ آہوتی دیں۔ گو[illegible] لوبان وصندل کے برادے کا بخور جلائیں اور انجنی کی مالا کے ساتھ سرخ [illegible] کے چندن کا تلک لگا کر گنیش جی کی مورتی کے سامنے اکیس روز تک [illegible] سے اس منتر کا جاپ کریں۔ گنیش مہاراج درشن دیں گے جو خواہشات [illegible] حقیقت میں بدلنے کی شکتی رکھتے ہیں۔

منتر:

اوم ہریں کلیں بلدن ویرو رکیشے وہ وہ اوتر سنگ گم
دش مانے اوم ہریں پھٹ سواہا۔

گھر میں گنیش جی کی مورتی روبرو رکھیں۔ اتوار یا منگل وار کو عمل کا آغاز [illegible]

گوگل اور لوبان کا بخور سلگائیں۔ ایک سو آٹھ لڈو اور اتنی ہی تعداد میں کیسر کے پھول اپنے قریب رکھیں پہلے پرارتھنا کریں پھر ایک لڈو ایک پھول اٹھائیں اور اس منتر کو ایک سو آٹھ دانوں پر مشتمل مالا پڑھ کر ہنومان پر چڑھائیں۔ اس طرح ایک سو آٹھ لڈو اور کیسر کے پھولوں پر جاپ کریں۔ جونہی پوجا ختم ہو گی گنیش مہاراج درشن دیں گے اور عامل کی دلی مراد پوری ہو گی۔

منتر:

شر گنپتی گنپتی دے مسان جے پھل مانگو دیدیں پھل'
آن سر سندھور من کی اچھیا آن دے پورا اچل کو بان
ہندمنت جتی شری گورکھ ناتھ کے لے آئو' اوم نمو کر
کسوہنگ سواہا۔

O گنپتی گنپت دیوتا کا لقب ہے جو ہندوؤں کے مطابق مہادیو کا بیٹا ہے۔ اس کے درشن کے لئے ماہ کاتک کی کرشن پکھ کی اشٹمی سے لے کر اموش تک کسی ویران اور پرسکون جگہ کا انتخاب کریں۔ نیم کی لکڑی کی ایک انگشت موٹی سے گنیش جی کی مورتی بنائیں اور اس مورتی کو روبرو رکھ کر اس منتر کا پانچ سو مرتبہ جاپ کریں۔ گوگل' کافور' چندن کی دھونی دیں۔ پانچ دن کے لئے پانچ قسم کے میوہ جات' مٹھائی پاس رکھیں۔

مقررہ مدت پوری ہونے پر ان منتروں سے ہون کریں جس کے بعد گنیش جی درشن دیں گے۔ طریقہ بھینٹ اور حاضری معلوم کر کے گنیش مہاراج سے بڑے سے بڑے دنیاوی کاموں کو کرانے کی شکتی پائیں۔

منتر:

اوم نمو ہست لکھائے لمبد دھائے دو چنت مہا تمغے'

گرانگ گرینگ هرانگ بے بے چشت سواها

ہوون کے منتر:

اوم مم کلرهینگ سادھیه' اوم شرینگ هرینگ کلینگ

